آسان عملیات کی بہترین کتاب

مرتبہ

دلبر علیخاں

گرگ اینڈ کمپنی کھاری باولی دہلی

(ہندوستان لیتھو پریس)

آسان عملیات کی بہترین کتاب

آئینہ عملیات

مرتبہ

دلبر علیخاں

گرگ اینڈ کمپنی کھاری باولی دہلی

(ہندوستان لیتھو پریس دہلی)

دولت کمانے کیلئے عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور اس کی خواہش ہو کہ وہ امیر ہو جائے تو اس کو ہمت سے کام لینا چاہئے ۔ اور حوصلے بلند رکھنے چاہئیں ۔

ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا ۔

عامل کو چاہئے کسی قسم کی تجارت شروع کر دے اور ساتھ ہی ساتھ اس عمل مبارک کو بھی شروع کرے ۔ اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ خیر و برکت اور کثیر فائدہ ہوگا ۔ یہ سب کچھ اس عمل کے طفیل ہی ہوگا ۔ لیکن عوام یہ سمجھیں گے کہ تجارت سے فائدہ ہو رہا ہے اس طرح اس عمل کے ذریعہ بہت جلد مالدار بن سکتا ہے ۔ عمل مبارک یہ ہے ۔

أَعْطَيْتُ غِنَىٰ يَا مَوْلَا يَا مَوْلَا أَعْطَيْتُ غِنَىٰ

تجارت شروع کرنے سے قبل ۷۷ مرتبہ اس عمل کو پڑھا کرے اور اس کے بعد اپنی تجارت کا کام شروع کر دیا جائے ۔

اس عمل کے لئے وقت کی پابندی ضروری نہیں ہے ۔ اس امر کی پابندی ضروری ہے کہ جس وقت اپنی تجارت پر بیٹھے ضرور پڑھ لیا کرے ۔ جب تک اس عمل پر کاربند رہے گا ۔ انشاء اللہ اس وقت تک فائدہ اٹھائے گا ۔ اور روز بروز ترقی ہوتی رہے گی ۔ دولت کافی جمع ہوتی رہے گی ۔

یہ آسان ہونے کے باوجود بہت سے فائدوں کا بھی مالک ہے ۔ اور یہ ایک خاص بزرگ کا عطیہ ہے ۔ آج کی پریشانیوں اور بے روزگاری کی زیادتی کو محسوس کرتے ہوئے اس وظیفہ کو کتاب ہٰذا میں درج کیا گیا ۔ تاکہ عوام اس سے فائدہ حاصل کر کے مجھ فقیر کو دعائے خیر میں یاد فرمائیں ۔

فائدہ حاصل کرنے کیلئے عمل

اگر کوئی تجارت کرتا ہو۔ اور جو اشیاء اس کے پاس موجود ہوں
بد قسمتی سے ان کے نرخ اتنے گر جائیں کہ دیوالیہ بن جانے کا امکان ہو۔
تو ایسی صورت میں بھی پریشان نہ ہوں اور نہ اپنے اشیاء کو سستے
نرخ پر فروخت کریں۔ بلکہ خدا پر پورا پورا بھروسہ رکھیں اور اس عمل
کو شروع کر دیں۔ خداوند تعالیٰ نے چاہا تو غیب سے ان اشیاء کی
مانگ آئے گی۔ اور نرخ بھی خلاف توقع بہت بڑھ جائیں گے۔ فوراً
ان اشیاء کو فروخت کر دیں اور ضرورت سے زیادہ فائدہ اٹھائیں
عمل مبارک یہ ہے۔

انظرنی یا رحیم و یا کریم یا غفور یا سخی۔

یہ چالیس روز تک بوقت نصف شب گزر جانے ایک ہزار
ایک سو مرتبہ بلا ناغہ پڑھے۔ اور دھیان اپنے مطلب پر ہی رہے
کسی اور طرف دھیان منتشر نہ ہونے پائے۔
پوری مدت گزرنے بھی نہ پائے گی کہ آپ کی مرادِ دلی بر آئے گی

غیب سے ان اشیاء کی مانگ آئے گی۔ جو آپ کے پاس
کافی تعداد میں موجود ہے۔ اور نرخ بھی اتنا اونچا ہوگا کہ آپ حیران و
ششدر رہ جائیں۔ وقت ضرورت کام میں لا کر تجربہ کریں اور
فائدہ اٹھائیں۔

نقش برائے آسیب

اگر کسی کو مرضِ آسیب ہو اور فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو
آسیب زدہ کے گلے میں باندھے اور ایک نقش ہر روز لکھے اور پانی میں
گھول کر اس کو پلا دیا کرے
بیس روز تک اسی
طرح سے کرے۔ ان شاء
اللہ مرضِ آسیب کا دور
ہو جائے گا۔ وہ نقش
یہ ہے!

جیبوش	حموش	قیبوس
طموش	ابرچنا	برچنا
میموں زنگی	میموں حبشی	بحق حضرت سلیمان

امتحان میں کامیابی کیلئے عمل

حکایت ہے کہ ایک لڑکا دسویں جماعت کے امتحان میں تین مرتبہ فیل ہوگیا۔ اس کے والدین بہت غریب اور تنگدست تھے۔ نہ جانے کس کس سے قرض مانگ کر اس کا خرچ پورا کرتے تھے اس لڑکے کو فیل ہو جانے کا از حد ملال ہوا لڑکے کے والدین نے بھی لڑکے کو سخت سست کہا۔

طالب علم غریب ہونے کے باوجود بہت غیرت مند تھا۔ اس نے اپنے دل میں اس بات کا ارادہ کرلیا کہ وہ اپنی زندگی کو ضرور ختم کردے گا۔ گرمی کے دن تھے۔ ایک روز اس نے جب کہ وہ اپنے کمرے میں تنہا لیٹا ہوا تھا۔ پگڑی کا پھندا بنا کر اپنی گردن میں ڈال کر پوری طاقت سے کھینچا۔ اس نے قسم کھالی تھی کہ جب تک اپنی زندگی کو ختم نہ کردوں گا چین نہ پاؤں گا۔ چنانچہ گردن پر برابر طاقت

آزمائی کرتا رہا۔ قدرت کو زندہ رکھنا تھا اس لئے یہ نہ مرسکا۔ بلکہ بے ہوش ہوگیا۔ بے ہوشی کے دوران میں اس نے ایک خواب دیکھا کہ ایک بزرگ ہستی اس سے کہہ رہی ہے کہ خبردار ناداں یہ کیا حرکت ہے۔ ذرا سی بات پر زندگی ختم کرتا ہے۔ ہرگز ایسا مت کر بلکہ تو جتنا پڑھنا چاہتا ہے پڑھ اب کبھی فیل نہ ہوگا۔ یاد رکھ ہر روز چار سو چالیس مرتبہ لفظ الحمدللہ پڑھا کر جب تک تیرے امتحان کا نتیجہ برآمد نہ ہوجائے اس وقت تک برابر اس عمل کو جاری رکھ۔

ہوش میں آنے کے بعد لڑکے نے اپنی حالت کو سنبھالا اور ایک دفعہ پھر پڑھنے کے لئے اپنے والدین سے استدعا کی۔ اور والدین نے اس کی بات کو مان لیا۔ لیکن والدین نے یہ شرط رکھی کہ اگر اس مرتبہ بھی کامیاب نہ ہوا تو یہ اپنی شکل ان کو ہرگز نہ دکھائے۔ لڑکے نے اس شرط کو قبول کرلیا۔

لڑکے کو اس مرتبہ اپنی کامیابی کا پورا پورا یقین تھا اور یہ جانتا تھا کہ اس اسم مبارک کے ذریعہ یقینی کامیاب ہو جائے گا۔

چنانچہ وہ ہر شب کو ۴۴۴ مرتبہ اس اسم مبارک کو الحمدللہ پڑھ لیا کرتا۔ اور اپنی کامیابی کے لئے دعا مانگا کرتا۔

اس نے اپنے دوسرے کمزور ساتھیوں کو بھی یہ عمل بتا دیا تھا۔

جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس مرتبہ بہت ہوشیار ہوشیار لڑکے فیل ہوگئے۔ اور یہ تمام جو اس عمل کو پڑھا کرتے تھے امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہوگئے۔

لاٹری میں کامیابی کے لئے

حکایت ہے کہ ایک شخص کو لاٹری ڈالنے کا بہت شوق تھا۔ اس سے قبل جبکہ اس کھیل میں حصہ نہیں لیتا تھا۔ اس کی مالی حالت بہت اچھی تھی۔ اور اپنی گزر اوقات بہت اچھی طرح

کرتا تھا۔ لیکن اس شوق نے یعنی لاٹری نے اسے تباہ و برباد کردیا تھا۔ اور وہ بہت غریب اور کنگال ہوگیا تھا۔ اس نے اپنی زندگی میں جب یہ نیا انقلاب دیکھا تو اس نے خودکشی کا ارادہ کرلیا۔ اور جان دینے کی خاطر یہ طریقہ نکالا کہ وہ ریلوے لائن پر رات کے وقت گاڑی گزرنے سے پہلے اپنی گردن رکھ کر لیٹ گیا۔ تاکہ ریل گاڑی اس لائن سے گزرے اور اس کی گردن کو تن سے جدا کرتی چلی جائے۔

دراصل خودکشی کی خاص وجہ یہ تھی کہ وہ اس قدر مقروض ہو چکا تھا کہ اپنی شکل دکھانے کے قابل نہ رہا تھا۔ اور ہر وقت دل پر خوف و ہراس چھایا رہتا تھا۔ اور اپنے آپ کو ہر کسی سے چھپائے رہتا تھا کہ کہیں کوئی قرضدار اس کی گردن نہ داب لے۔

ریل گاڑی کی آمد میں ابھی چند منٹ باقی تھے کہ اچانک اس کی ٹانگ پکڑ کر کسی نے کھینچا اور یہ لائن سے تین گز کے فاصلے پر آگیا۔ ریل گاڑی لائن سے گزر گئی اس نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا تو دکھائی دیا کہ ایک سفید پوش بزرگ ہیں اور وہ اس سے کہہ رہے ہیں کہ بچہ اگر تو دنیا میں خوش حال رہنا اور قرضہ سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے تو یہ عمل ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ ہر روز رات کو سونے سے قبل پڑھ کر سو جایا کر انشاءاللہ سب قرض ادا ہو جائیگا۔

اور اپنی زندگی خوشحالی سے گزارے گا۔

ان بزرگ ہستی کے سمجھانے سے اس کی سمجھ میں آگیا۔ اور اس نے خودکشی کا ارادہ ترک کر دیا۔ اور سفید پوش بزرگ کے قدموں پر گر گیا۔ اور رو کر کہا اے بزرگ ہستی اب مجھے وہ عمل بتایئے جس کا طریقہ بتایا ہے۔ اور آپ نے میری زندگی مجھے واپس کرائی ہے۔ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں۔ مجھے خدمت کا موقع دیجئے۔

بزرگ نے جواب دیا۔ بچہ تو روزہ نماز کا پابند ہو جا۔ اور شرع محمدی پر پورے طریقہ پر پیرا ہو جا۔ بس یہی ہماری خدمت ہے اور یاد کر لے وہ عمل یہ ہے۔

یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ
اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

چنانچہ وہ شخص اس آیت کو ہر روز پاک صاف رہ کر باوضو ہو کر پڑھنے لگا۔ اور پہلی ہی مرتبہ اس کی لاٹری نکل آئی۔ جس کے ذریعہ اس نے حساب تمام قرضداروں کا چکتہ کر دیا۔ دوسری مرتبہ پھر لاٹری نکل آئی۔ اس مرتبہ اس نے اپنی حالت کو سنبھالا۔ اور وہ کافی مالدار اور متمول شخص بن گیا۔

عمل مذکورہ بالا کی برکت سے ابھی ایک سال بھی نہ گذرا تھا کہ اس کی حالت نے ایسا سنبھالا لیا کہ یہ شخص یا تو چھپا چھپا پھرتا تھا کہ کہیں کوئی

قرضخواہ اس کی گردن نہ پکڑ لے اور دل میں ہر وقت خوف و ہراس رہتا تھا لیکن اب اس کی ایسی حالت ہو چکی تھی کہ بستی میں سب سے زیادہ متمول اور عزت دار شخص اگر تھا تو یہ تھا۔ تمام بستی والے اس کے حالات سے حیران اور ششدر رہتے کہ آخر یہ کیا ہوا۔

~~~~~~

ریس میں کامیابی کے لئے تعویز

حکایت ہے ایک شخص جس کی شروع کی زندگی بالکل گمنامی میں گزری اور وہ ایک معمولی انسان کی طرح اپنی زندگی گزار رہا تھا۔ لیکن کچھ ہی دنوں میں وہ ایک بمبئی کا سیٹھ لکھ پتی بن گیا۔ لوگوں کو بہت حیرت اس بات پر تھی کہ وہ ہر ریس میں کامیاب رہتا تھا۔

ریس گھوڑوں کی بھاگ کو کہتے ہیں اور جب بھاگ ہوتی ہے تو بھاگنے والے گھوڑوں کے ٹکٹ بکتے ہیں اور اس بات کی شرط ہے کہ جس گھوڑے کا
~~~~~~

آپ ٹکٹ خریدیں گے اگر وہ گھوڑا سب گھوڑوں سے تیز بھاگا تو جتنے روپیوں کا ٹکٹ خریدا گیا ہے اس کا دس گنا یا بیس گنا روپیہ ملے گا اور اگر وہ گھوڑا پیچھے رہ گیا تو وہ روپیہ جس کا آپ نے ٹکٹ خریدا ہے وہ روپیہ ختم ہو جائے گا۔

مذکورہ بالا شخص جس گھوڑے کا ٹکٹ خریدتا۔ وہ یقینی اول آجاتا یعنی سب گھوڑوں سے آگے رہتا۔

لوگوں کو یہ دیکھ کر کہ اس کا خیال کبھی غلط نہیں ہوتا از حد حیرت ہوتی اس کا ایک خاص دوست بھی تھا جو بہت تنگدست تھا۔ اس سے قبل یہ دونوں ایک ہی طرح سے زندگی گزار رہے تھے۔ اس نے اپنے دوست سے پوچھا کہ یہ کیا راز ہے۔ اس نے اول تو انکار کیا۔ لیکن یہ دونوں بچپن کے ساتھی تھے اس لئے زیادہ زور دینے پر ایک روز رات کو جبکہ وہ بہت خوش تھا اپنے غریب دوست کو یہ راز اس طرح بتانا شروع کیا کہ۔

میں ایک کوڑھی فقیر کی بہت خدمت کیا کرتا تھا۔ یہ کوڑھی فقیر جب مرنے لگا تو اس نے بتایا کہ بچہ صبح کی نماز کے بعد اگر تو یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے تو اس آیت کے پڑھنے سے ہر ایک کام کامیابی کے درجہ تک یقینی پہنچے گا۔ اور تیری تمام پریشانیاں بہ آسانی بہت جلد دور ہو جائیں گی۔ اور اپنی زندگی عیش و مسرت سے گزارے گا۔

چنانچہ اس کے مرنے کے بعد میں نے اس کے بتائے ہوئے وظیفہ کو آج تک پڑھ رہا ہوں اور جب تک میں زندہ رہوں گا اس وظیفہ کو ہرگز ہرگز ترک نہ کروں گا کیونکہ یہی وظیفہ میری خوشحالی کا باعث ہوا ہے اور تم سے بھی پرزور اپیل کروں گا کہ اس وظیفہ کو ہر روز پابندی کے ساتھ پڑھا کرو۔ انشاءاللہ تم بھی بہتری طرح خوشحالی سے زندگی گزارو گے۔ اور وہ وظیفہ یہ ہے۔

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ وَمِمَّنْ تَشَاءُ

چنانچہ اس کا غریب دوست یہ سن کر بہت مسرور ہوا اور اس نے بھی اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کر دیا۔ اب وہ دونوں دوست بڑی خوشحالی سے اپنی اپنی زندگیاں گزارنے لگے۔ اور ان کے پاس ضرورت سے زیادہ دولت جمع ہو گئی۔

مریض کی صحت کیلئے وظیفہ

حکایت ہے

ایک سوداگر کی بیوی سخت بیمار ہوگئی ان دونوں کو آپس میں ایک دوسرے سے بہت زیادہ محبت تھی۔ ابھی سوداگر کی شادی کو زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا اور نہ ہی کوئی اولاد پیدا ہوئی تھی کہ اچانک اس کی بیوی مہلک مرض میں مبتلا ہوگئی۔ ابتداء میں تو تشخیص صحیح نہ ہوسکی لیکن بعد میں جب سوداگر نے حکیم ڈاکٹروں میں ہزاروں روپیہ صرف کر دیا تب پتہ چلا کہ بہت مہلک مرض ہے (یعنی دق وسل) اور اس مرض سے جاں بری ہونا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔

سوداگر کو جب یہ معلوم ہوا کہ اس کی بیوی اب زندہ نہ رہ سکے گی تو سوداگر دیوانہ سا ہوگیا۔ وہ ہر وقت روتا رہتا تھا کیونکہ یہ سمجھ چکا تھا کہ اس کی بیوی چند ہی روز کی مہمان ہے اس کے بعد یہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے مجھ سے روپوش ہو جائے گی۔

ایک دن یہ سوداگر دیوانہ وار جنگل کی جانب سے گزر رہا تھا۔ اور اس نے اپنے دل میں یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ اب وہ شہری زندگی نہیں گزارے گا

وہ کوہ بیابان کی خاک اڑاتا ہوا جا رہا تھا کہ اس کو ایک فقیر دکھائی دیا اور سوداگر کو اپنے قریب بلا کر کہا۔

"جا بابا جا۔ خدا تیرے حال پر رحم فرمائے گا۔ میں جو کچھ تجھے بتاؤں تو اس پر عمل کر۔

سوداگر نے کہا۔ بابا بتایئے۔ جلدی بتایئے۔ میں جان سے جا رہا ہوں للہ دیر نہ کیجئے۔ تب فقیر نے کہا۔

نیم کے سات پتے لے اور ہر پتہ پر کالی سیاہی سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ لے اور ہر روز الصباح اپنی بیوی کو یہ ساتوں پتے کھلا دیا کر اوپر سے بسم اللہ شریف کا دم کیا ہوا پانی پلایا کر۔ خدا نے چاہا تو وہ ضرور صحتیاب ہو جائے گی۔

چنانچہ وہ سوداگر اسی وقت واپس اپنے گھر آیا اور اس فقیر کے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ جوں جوں دن گزرتے گئے سوداگر کی بیوی کو نمایاں فرق نظر آنے لگا۔ اس کی صحت بحال ہوتی چلی جا رہی تھی۔

ابھی ایک سال اس عمل کو کرتے ہوئے نہ گزرا تھا کہ اس کی بیوی بالکل تندرست ہوگئی۔ نہ کھانسی رہی اور نہ بخار۔ نہ ہی کسی قسم کی کمزوری باقی رہی۔ بھوک خوب لگتی اور کھانا صحیح ہضم ہونے لگا۔

جسم میں خون دکھائی دینے لگا۔ اس طرح اس کی بیوی کی دوبارہ زندگی واپس ہوئی۔

~~~~~

روشن ضمیری کیلئے عمل

جو شخص اس بات کا طالب ہو کہ یہ روشن ضمیر بن جائے۔ یعنی ہر آئندہ ہونے والی بات کا اس کو پہلے ہی علم ہو جایا کرے تو یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ انسان اگر ہمت سے کام لے تو سب کچھ کر سکتا ہے۔ لہٰذا اس بات کے شوقین ناامید نہ ہوں۔ نیچے لکھے اسم اعظم کو کام میں لائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔ اسم اعظم یہ ہے۔

"وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابْ"

جس وقت سونے کا ارادہ کیا جائے تو باوضو ہو کر ایک ہزار ایک مرتبہ اس اسم اعظم کو پڑھ کر سو جانا چاہئے۔ اور اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے کہ اس اسم اعظم کے پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کریں اور سو جایا کریں انشاءاللہ تعالیٰ یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔

~~~~~

غیب سے روزی ملنے کیلئے تعویذ

اگر کوئی شخص بہت مفلس اور نادار ہے اور اگر کوئی روزگار بھی نہیں ہے ہزاروں تدابیر کیں ہوں اور کاروبار کر کے دیکھے ہوں مگر کسی میں بھی فائدہ نہ ہوا ہو جس کے سبب زندگی ایک وبال بن گئی ہو تو یہ نقش جو ذیل میں درج ہے۔ کام میں لائیں۔ اور اس مصیبت سے نجات حاصل کریں اس کے استعمال سے نجات حاصل کریں۔ اس کے استعمال سے انشاءاللہ تعالیٰ مفلسی دور ہو جائے گی۔ اور غیب سے امداد ہوگی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱۵	۲۱۷	۳۲۹	۴۶۵
۷۸۶	۹۴۰	۵۶۰	۷۷
۳۱۲	۹۸۱	۷۹۵	۱۰۰
۵۰۰	۷۲۱	۳۱۱	۱۰۲

طریقہ اس کا یہ ہے کہ نقش چاندرات سے لکھنا شروع کرے اور
چودھویں رات تک برابر روزانہ لکھے اور ان کی تعداد روزانہ پندرہ
ہو۔

پندرہ تعویز روزانہ کے حساب سے چودہویں تک تعداد میں ۲۱۰
ہوں گے اس کے بعد روزانہ ان کو یعنی پندرہ تعویذ ہر روز کسی کھیت
میں دفن کرایا کرے۔ جب یہ تمام نقش دفنا دیئے جائیں گے تب ایک
پیر بزرگ اس کے پاس آئیں گے اور ایک روپیہ چار آنے دیکر واپس
ہوں گے۔

اس طرح ہر روز بلا ناغہ ایک روپیہ چار آنے یہ بزرگ دے
جایا کریں گے۔

مگر واضح رہے کہ مبلغ چار آنے ہر روز فقیروں کو خیرات کر دیا
کرے۔ اور مبلغ ایک روپیہ اپنے صرفہ میں لائے اور نہ ہی اس نقش
کو کسی کو بتائے۔ اور جو نقش اسے ملتا رہے اسے جمع نہ کرے گا۔ اپنے
صرفہ میں ہر روز صرف کر دینا ضروری ہے۔ ورنہ بصورت دیگر یہ سب کچھ
امداد بند ہو جائے گی۔ اور عامل کی حالت بدستور پہلی جیسی ہو
جائے گی۔

بگڑی بات بنانے کیلئے عمل

اگر کسی شخص کی بات یا کام بگڑ جائے تو اس کو حوصلہ اور ہمت
نہ ہارنا چاہیئے۔ اور اپنے حوصلے اور ہمت کو بلند رکھنا چاہیئے۔ قطعی
مایوس نہ ہوں اور ایسی حالت میں ضرور اس عمل کو کام میں لانا چاہیئے
معمولی سے کام کے لئے اس عمل کو کام میں نہ لائیں۔ بلکہ کسی خاص
موقع پر اس سے کام لیں۔ انشاء اللہ یقینی کامیابی ہوگی۔ اور وہ
عمل مبارک یہ ہے۔

"لا حول ولا قوۃ الا باللہ"

اپنے مقصد اور اپنی آرزو کو اپنے دل میں جگہ دے کر اس عمل
کو دوپہر کے وقت گوشۂ تنہائی میں جاکر پڑھنا شروع کرے ہر
روز ۵۵۵ کی تعداد پوری کرو۔ اور مسلسل ۲۷ دن تک اس عمل کو
پڑھتے رہو۔ ۲۷ روز کے اندر ہی مقصدِ دلی بر آتا ہے۔
سعد لوگوں نے اسے آزمایا ہے خدا کے حکم سے کامیاب پایا

تب اس کو اس کتاب میں درج کیا۔ تاکہ ہر ضرورتمند اس سے فیض اٹھائیں
اور مجھ فقیر کو دعائے خیر میں یاد کریں۔

مال دار بننے کے لئے

یوں تو دنیا میں بہت لوگ ایسے غریب ہوتے ہیں جن کو صحیح
وقت پر کھانا بھی نہیں ملتا۔ اور بہت سی تکالیف اٹھاتے اٹھاتے
وہ تکلیفوں کے عادی بن چکے ہیں جس کی وجہ سے وہ اسی میں خوش
رہتے ہیں یوں کہنا شاید غلط نہ ہوگا کہ لوگ پست ہمت ہیں۔ انسان
اگر اعلیٰ ہمت ہو تو قدرت اس کا ساتھ دیتی ہے اور جو اس کا منشاء
ہوتا ہے اس کو قدرت پورا کرا دیتی ہے۔ انسان کو چاہئے کہ وہ کسی
بھی حالت میں کیوں نہ ہو ہمت ہرگز نہ ہارے اور جو کچھ اس کو کرنا ہے
برابر کوشش جاری رکھے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ انسان اپنی
کوششوں میں ناکام ہو جاتا ہے۔ مگر مرد وہ ہے جو ناکام ہوتے پر بھی
جستجو کو قائم رکھے اور پھر کوشش اسی طرح کرے جیسی پہلے کر چکا ہے

ہمارا دعویٰ ہے کہ ایسے انسان کی قدرت ضرور مدد فرمائے گی۔ اور ایک دن
وہ ضرور کامیابی کے درجہ پر پہنچ جائے گا۔ بشرطیکہ اپنا ارادہ پختہ رکھتا ہو۔
اسی طرح بہت سے لوگ امیر بننے کے خواب تو دیکھتے ہیں مگر کوشش کون
کرے کیونکہ پست ہمت ہیں ایسے لوگ کوئی وظیفہ یا نقش عمل میں نہ لائیں
کیونکہ ہمت اور اعتقاد سے سب کچھ ملے گا۔ مگر پست ہمتی اور بد اعتقادی
سے کچھ نہ ملے گا۔ اس لئے ایسے لوگ اپنا وقت بھی برباد کریں گے اور وظیفہ
یا نقش کی بھی بدنامی ہوگی۔

جو لوگ اعلیٰ ہمت ہیں اور اعتقاد پختہ رکھتے ہیں وہ ہر کام میں
کامیاب ہو جائیں گے۔ لہٰذا وہ ہر وظیفہ اور نقش سے کامیابی حاصل
کرلیں گے۔ وہ ضرور ان نقشیات سے فائدہ حاصل کریں۔

مندرجہ ذیل نقش مبارک ایسے لوگوں کے لئے بہترین ہے
اس کے اوصاف بہت ہیں۔ جن کو اس مختصر مجموعہ میں درج نہیں کر
سکتے۔!

بہر حال اس نقش مبارک کی برکت سے انسان مال دار
بن جاتا ہے۔ یہ نقش برقی اثرات رکھتا ہے۔
نقش معظم یہ ہے

۲۵	۲۴	۲۱	۲۰
۲۲	۱۷	۱۲	۲۳
۱۶	۱۹	۲۶	۱۳
۱۱	۲۴	۱۵	۱۸

ترکیب یہ ہے کہ اس نقش کو سفید کاغذ پر نیک ساعت میں
زعفران یا مشک سے لکھیں اور بشکل تعویذ اس نقش کو اپنے پاس رکھیں
انشاء اللہ اس کی برکت سے وہ مالا مال ہو جائے گا۔ اور ہر شخص
اس کی عزت کرے گا۔
اور لوگ تعجب کریں گے کہ اس شخص کی دنیا کیوں اتنی عزت
کرتی ہے۔ !

برکت کیلئے نقش

بہت سے لوگوں کے یہاں برکت نہیں ہوتی یا تجارت و دوکان
پر مال فروخت نہیں ہوتا اور اصل رقم گھٹتی جاتی ہے اور نقصان
کی کوئی صورت دکھائی نہیں دیتی ایسے لوگ بہت پریشان رہتے
ہیں لیکن سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں۔ ان کو چاہیے کہ برکت کے لئے
مندرجہ ذیل نقش کام میں لائیں۔ جس کی وجہ سے اتنا فائدہ ہوگا
کہ تعجب ہوگا۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

۱۱۴	۱۱۹	۱۳۰	۱۲۹
۱۱۸	۱۱۵	۱۳۵	۱۳۴
۱۲۷	۱۲۶	۱۳۱	۱۳۲
۱۲۰	۱۲۸	۱۳۶	۱۲۲

ترکیب اس کی یہ ہے کہ چاندرات ہوجائے تو پہلی جمعرات جو کہ
توحیدی جمعرات کہلاتی ہے اس نقش کو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ
تک ہلدی کے پانی سے وضو کر کے لکھیں اور رخ قبلہ کی جانب ہونا چاہیے
تعدادی دو نقش لکھیں۔ نقش لکھنے سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ درود
شریف پڑھیں۔ اور دونوں نقش لکھنے کے بعد پھر ایک سو ایک مرتبہ
درود شریف پڑھیں اور دونوں نقشوں پر دم کردیں۔ ایک نقش کو
تجوری جس میں روپیہ ہو رکھ دے یا اس دوکان میں رکھے جس میں
مال ہو اور دوسرا نقش قریب کے دریا، تالاب یا نہر میں بہادے
انشاء اللہ تعالیٰ مال میں بہت فائدہ اور برکت ہوگی۔ اور جس تجوری
میں یہ نقش ہوگا اس میں اتنی برکت ہوگی کہ کتنا ہی صرفہ ہوجائے لیکن
تجوری کے کیش میں قطعی کمی نہ آئے گی۔

اگر پہلی جمعرات سے دوسری جمعرات تک اثرات ظاہر نہ ہوں تو
مذکورہ بالا عمل پھر دوبارہ کریں۔ اور اس پہلے نقش کو جو تمہاری
دوکان یا تجوری میں ڈالا ہوا ہے اس کو دریا، تالاب یا نہر میں بہا
دیں۔

دوبارہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ ضرورت واقع نہ
ہوگی۔

آسیب زدہ و نظر بد کیلئے

کچھ لوگ تندرستی کے عالم میں ہوتے ہوئے فوری طور پر پاگل
مخبوط الحواس اور دیوانے ہوجاتے ہیں۔ اور کچھ دنوں کے بعد اپنی
پہلی حالت پر آجاتے ہیں۔ حکیم ڈاکٹروں اور عوام کی مختلف رائے
اس سلسلے میں ہوتی ہیں۔ کوئی دماغ کا خلل بتاتا ہے تو کوئی آسیب
اسی طرح بہت سی باتیں بنتی ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے یہ نقش
بہتر بن کام کرتا ہے اور یقینی طور پر صحت حاصل ہوجاتی ہے۔
نقش یہ ہے۔!

روح اللہ	۲۳	۲۲	۱۱
خاتم سلیمان	۲۱	۱۲	۱۵
یا بدوح	۱۳	۱۶	۱۸
۱۴	۱۷	۱۹	۲۰

ترکیب اس کی یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ کا ٹکڑا لیں اور ایسے مریض جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے کے جسم پر ملتے جائیں اور سورۂ مزمل شریف پڑھتے جائیں۔ جب سورۃ ختم ہو جائے تو اسی کاغذ پر جو کہ مریض کے جسم پر ملا گیا ہے سیاہ روشنائی سے لکھیں اور اس کا فلیتہ بنا کر مریض کا پھٹا ہوا استعمالی کپڑا لپیٹ کر فلیتہ تیار کریں اور ایک دیئے میں کڑوا تیل لے کر اس فلیتہ کو ڈال کر روشن کریں۔ یہ دیا مریض کی آنکھوں کے سامنے روشن رہنا چاہیے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کیسا بھی سخت آسیب کیوں نہ ہوگا وہ بھی رفو چکر ہو جائے گا۔ اس عمل سے آسیب، جن کا اثر۔ نظر بد سب ختم ہو کر صحتِ کلی حاصل ہوتی ہے۔

علاوہ اس کے اس عمل سے اور دوسری بیماریوں کو بھی فیض پہنچتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ مجرب عمل ہے۔ آزما کر خود تجربہ کریں۔

چھلفراہ رسے پیشی

پس پشت چراغ روشن کئے اکیس مرتبہ کوثر
اکیس یوم عمل آخر یوم حاضر ہو واعدہ قرار
ترکیب حاضری دریافت

دس منٹ کے حاضر ہوگ

مرض کی تشخیص کیلئے نقش

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور صحت نہیں ہوتی ہو۔ ہر ایک کی مختلف تشخیص ہے۔ کوئی جادو بتاتا ہے۔ کوئی آسیب بتاتا ہے۔ کوئی جن کے اثرات بتاتا ہے تو کوئی دماغ کا خلل بتاتا ہے غرض کے مختلف رائے ہونے کے سبب کوئی علاج درست طریقہ پر نہیں ہو پاتا۔ ہر علاج غلط طور پر ہو رہا ہو اور بجائے صحت ہونے کے اور مرض میں اضافہ ہوتا جا رہا ہو تو ایسے مریض کے اس نقش سے کام لیں انشاءاللہ فوراً صحیح حالات سے آگاہی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس نقش کو ہلدی کے پانی سے چینی کی طشتری
پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو یہ پانی پلا دے۔ اس پانی کو پی کر اگر
مریض ہنسنے لگے یا معمولی تبسم چہرے پر نمایاں ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ اس
پر آسیب ہے۔

اگر مریض طشتری کے پانی کو پی کر رونے لگے یا رونی جیسی شکل
بنالے تو سمجھ لینا چاہئے کہ اس مریض پر سحر یعنی جادو کے اثرات ہیں اور
کوئی دوسرا مرض ہرگز نہیں ہے۔

اگر مریض پانی پینے کے بعد نہ تو چہرہ بگاڑے اور نہ چہرے پر
ہنسی یا مسکراہٹ ظاہر کرے نہ روئے بلکہ خاموش رہے تو سمجھ لینا
چاہئے کہ اس کو کوئی جسمانی مرض ہے اور آسیب یا جادو وغیرہ ہر
گز نہیں ہے

یہ طریقہ بہت سہل ہے اور فوری طور پر جملہ باتوں کی تصحیح ہو
جاتی ہے اور علاج درست طریقہ پر ہو کر مریض جلد ہی صحت حاصل
کر لیتا ہے۔ ورنہ غلط علاج سے گھل گھل کر زندگی ختم کر دیتا ہے۔
یہ نسخہ ایک درویش فقیر سے ایک صاحب کو بڑی دشواری
سے حاصل ہوا ہے جس کی حکایت درج کرنے کے لئے کافی صفحات
درکار ہیں اس لئے مختصر الفاظ میں بتا دینا بہت کافی ہے کہ یہ عمل

وری چند ایسے مریضوں پر استعمال کر کے تجربہ کیا جس کا ذکر اوپر
یا جا چکا ہے۔ قدرتِ خداوندی سے بہت کامیاب پایا۔ اس لئے
اس مختصر مجموعہ میں درج کیا گیا کہ عوام اس سے فائدہ حاصل کریں۔

مریض کی صحت کے لئے

نقش مندرجہ ذیل ہر چھوٹے بڑے مریض کی صحت کے لئے
یاں کام کرتا ہے اور مجرب ہے۔ جب کہ مریض کو اسی طرح سے
شفا نہ ہوتی ہو اور مرض لا علاج ہو جائے۔ تب اس روحانی علاج
کے ذریعہ علاج کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً کامیابی حاصل ہوگی۔
اس سلسلے میں نقش اور طریقہ درج ذیل ہے۔

ترکیب اس کی یہ ہے کہ:۔ نوچندی جمعرات کو زعفران سے
لکھ کر موم جامہ کرے اور مریض کے گلے میں پہنا دے۔ بعدہٗ

۴۴	۳۰	۸۸	۱۱
۵۰	۵۵	۲۲	۹۹
۶۰	۳۳	۶۶	۱۰
۴۴	۴۰	۲۰	۷۷

مریض کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر

یَا حَیُّ

بے تعداد پڑھے۔ یہاں تک کہ مریض آنکھیں بند کر لے۔ جب
مریض آنکھیں بند کر لے تو مریض کے سینے پر دم کر دے۔ بحکم
جلد شفا ہو جائے گی۔
نقش ایک ہی کافی ہو گا۔ مگر یَا حَیُّ روزانہ اسی طر
دم کرتا رہے۔!

بیوی کو فرمانبردار بنانے کیلئے

اگر زن و شوہر کے درمیان ان بن رہتی ہو اور بیوی شوہر کے حکم کی نافرمانی کرتی ہو۔ جس کی بناء پر کشیدگی رہتی ہو تو اس نقش سے زیادہ موثر نقش شاید نہ مل سکے گا۔ اس نقش کی برکت سے زن و شوہر کے درمیان خاطر خواہ محبت اور پیار ہو جاتا ہے اور بیوی فرمانبردار بن جاتی ہے اور آناً فاناً میں انقلاب پیدا ہو جاتا ہے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔!

۱۱۵۶	۱۶۱۵	۱۶۸۱	۱۶۷۸
۳۱۸۲	۱۶۱۷	۱۶۶۴	۳۱۸۳
۳۱۷۶	۳۱۷۹	۱۶۷۵	۳۱۸۰
۱۶۷۳	۳۱۷۳	۱۶۷۱	۳۱۷۲

ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس نقش کو نیک ساعت میں لکھ کر اپنے
گلے میں ڈال لے۔ جتنی مرتبہ بیوی کی نظر اس کے چہرے پر پڑے گی۔ یہ
فرمانبردار ہو جائے گی اور محبت کرنے لگے گی۔

فائدہ حاصل کرنے کے لئے

جو شخص تجارت پیشہ ہو اور اس کو فائدہ کے بجائے نقصان
ہی ہوتا ہے اس وجہ سے سخت پریشان ہو ایسے شخص کو چاہئے کہ
اسم مبارک یا قیوم کی ہر روز ایک ہزار مرتبہ تلاوت کیا کرے
اور ایک روز بھی ناغہ نہ کرے علاوہ اس کے مندرجہ ذیل نقش کو ہر روز
۲۵ تعویذ لکھے اور قریب کے دریا تالاب یا نہر میں بہا آئے۔
نقش یہ ہے۔

۵۵	یا قیوم ۵۶	۵۳
۵۰	۴۸	۵۴
۵۱	۵۲ بحق	۴۹

اس عمل کے مسلسل کرتے رہنے سے اتنا فائدہ ہوگا۔ کہ دیکھنے والے
دنگ رہ جائیں گے۔ اگر علاوہ تجارت کے روزگار کے لئے اس عمل
کو کیا جائے تو خاطر خواہ غیبی امداد ملے گی۔ بہت زود اثر ہے

حُبّ کیلئے

محبت کیلئے یہ عمل اپنی مثال آپ ہی ہے جس کی تعریف جتنی لکھی
جائے گی وہ کم ہوگی۔ یہ بتا دینا ضروری ہے کہ یہ نقشِ محبت ایک بافیض
بزرگ کا عطیہ خاص الخاص ہے۔ جنہوں نے اپنی بیاض میں طویل اسناد
کے ساتھ مندرج فرمایا ہے۔ اور خاکسار کو اپنی عنایت خاص سے
مرحمت فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا کہ اس عظیم الاثر نقش کو نہایت احتیاط
سے رکھنا اور انتہائی مجبوری میں جب تمام کوششیں ناکام ہو جائیں
تب اہلِ حاجت کے لئے اس نقش کو کام میں لانا۔ اس نقش کی تاثیر
معجزنما ہے۔

اکثر مرتبہ کا آزمودہ مجرب ہے۔ محبوب کتنا ہی نفرت کرنے
والا کیوں نہ ہو اس کی برکت سے فی الفور اس کا دل موم ہو جاتا ہے

اور بے چین و بیقرار ہو کر طالب کے قدموں پر گر جاتا ہے۔ چاہے راہ
میں کانٹے ہوں پہاڑ ہوں دریا ہوں کوئی شے اس کو نہیں روک
سکتی۔ مگر شرط یہ ہے کہ طلب جائز ہو۔ اس کا ضرور خیال رکھیں
مندرجہ بالا ارشاد کے ساتھ افادۂ عام کی غرض سے ان
نقش متبرک کو درج کیا جا رہا ہے۔ تاکہ فائدہ حاصل کریں اور
خاکسار کو دعائے خیر میں یاد کریں۔

۱۶	۱۳	۸	۱
۱۴	۹	۲	۵
۱۰	۳	۶	۱۱
۴	۷	۱۲	۱۵

ترکیب:- محبت کے واسطے اس نقش کو لکھ کر روئی
میں لپیٹ لیں۔ اور فلیتہ بنائیں۔ بعدہٗ ایک کورے ڈیولے میں
روغنِ کنجد ڈال کر پاک جگہ میں رکھیں اور روشن کر دیں۔ روخ
اس چراغ کا خانۂ محبوب کی جانب رکھیں۔ جب چراغ گل ہو جائے
تب شیرینی پر فاتحہ محبوب سبحانی اور شاہ عبدالصمد کی
دے کر معصوم بچوں میں تقسیم کر دے۔

اس عمل کو مسلسل ۴۰ دن تک کرتا رہے اور ناغہ ایک دن
کی بھی نہ ہونے پائے۔
خدا کی ذاتِ پاک سے قوی امید ہے کہ اندر ایک ہفتہ
میں ہی کامیابی ضرور ہو جائے گی۔
نوٹ:۔ اس نقش کے نیچے فلاں بن فلاں یعنی معشوق
کا نام اور اس کی والدہ کا نام ضرور لکھیں۔

دو دلوں میں نفرت پیدا کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ جن دو شخصوں کے درمیان بہت ہی
زیادہ پیار و محبت ہو اور وہ چاہے کہ ان میں نفرت اور بغض و حسد
پیدا ہو کر جھگڑا ہو جائے اور ایک دوسرے کو شدید نقصان ہو تو
ایسی صورت میں اس نقش سے فائدہ اٹھائیں۔ لیکن بغیر کسی وجہ

کے ایسا کرنا گناہِ عظیم ہے ۔ اگر ان دونوں نے خاص جانی یا مالی نقصان
پہنچ رہا ہو تو ضرور اس عمل کو کام میں لائیں ۔ ورنہ درگزر کر دینا ہی
بہتر ہے ۔

نقش یہ ہے ۔ ۔ !

۱۷۰۰	۱۷۰۲	۱۶۹۸	۱۶۹۶
۱۶۰۳	۱۶۰۰	۱۶۹۰	۱۶۹۹
۱۷۶۳	۱۶۹۶	۱۶۰۱	۱۶۹۵
۱۶۹۷	۱۶۰۴	۱۷۰۳	۱۷۰۲

ترکیب یہ ہے کہ قمری مہینے کی آخری سینچر کے دن آفتاب نکلنے
سے ایک گھنٹہ تک یہ تعویذ سیاہ روشنائی سے لوہے کے قلم
سے لکھیں اور اس نقش کے نیچے ان دونوں اشخاص کے نام جن میں
نفاق کرانا ہے ضرور لکھیں ۔ اور اس کے بعد اس نقش کو کسی پرانی
قبر میں دفن کر دیں ۔

نوٹ ! ۔ نقش کی تہہ کر کے یعنی تعویذ بنا کر اوپر نیلا دھاگہ
باندھ دیں ۔ ایک مہینے میں اس تعویذ کا مکمل اثر ہوگا ۔ اس عرصہ گھبرانے
یا بےچین ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں ۔ !

حُبّ کے لئے

محبت کیلئے یہ نقش بھی بہترین کام کرتا ہے ۔ ذیل میں درج
ہے ۔ محبوب کیسا بھی سنگدل اور تند مزاج کیوں نہ ہو موم ہو
جاتا ہے ۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز جگہ استعمال کیا جائے
ناجائز نہیں ۔ بصورت دیگر نقصان کے شدید خطرات ہیں ۔ بھول
کر بھی ایسا خیال نہ کریں ۔

۷۸۶

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

فلاں بن فلاں

اس نقش کو چائے یا شربت میں گھول کر ایک ہفتہ بلاناغہ
کسی بھی صورت سے محبوب کو پلا دے ۔

زبان بندی کیلئے نقش

اگر کسی شخص کا کوئی دشمن اپنی بد زبانی اور بد کلامی سے ایذا پہنچاتا ہو۔

علاوہ اس کے دیگر اشخاص کو بھی دکھ ہی پہنچتا ہو اور سب لوگ اس کی اس حرکت سے بیزار ہوں تو اس کے لئے یہ نقش بہت ہی کامیاب ہے بار ہا کا آزمودہ ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱	۱۱	۱۴	۱۶
۵	۲	۱۲	۱۵
۸	۶	۳	۱۳
۱۰	۹	۷	۴

ترکیب:- اس کی یہ ہے کہ اس نقش مبارک کو سفید کاغذ پر سیاہ روشنائی سے لکھ کر موم جامہ کرلیں اور بہت بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں۔

نوٹ:- نقش کی پشت پر یہ عبارت بھی ضرور لکھیں۔

" بند کردن زبان فلاں بن فلاں از بدی خود یا فلاں بن فلاں

دستِ غیب کیلئے

دستِ غیب کے لئے یہ نقش بہترین ہے اور فوری اثرات دکھاتا ہے۔ اس کے باوجود اتنا سہل بھی ہے کہ ہر خاص و عام بہ آسانی اسے کے ذریعہ دستِ غیب حاصل کرسکتا ہے۔

نقش معظم اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔!

۲۶۹	۲۵۸	۲۵۹	۲۶۴
۲۶۰	۲۶۱	۲۷۰	۲۵۷
۲۶۶	۲۶۳	۲۵۶	۲۲۷
۲۵۵	۲۶۸	۲۶۵	۲۶۲

ترکیب اس کی یہ ہے کہ عروج ماہ کی نیک ساعت میں یہ نقش
ہر روز اٹھارہ مرتبہ مشک و زعفران سے دس روز مسلسل لکھو
ہر روز کے لکھے ہوئے نقش ہر روز کسی ویرانے میں دفن کر دیا کریں
دسویں روز جب یہ لکھے ہوئے نقش دفن کرنے جائیں گے۔ تب
ایک بزرگ سفید ریش اس جگہ ملیں گے اور ایک روپیہ چار آنے
دیں گے وہ لے کر اس نقش کو دفن کر کے آجاؤ اور چار آنے خیرات
کر دو۔ ہر روز اس جگہ سے ایک روپیہ چار آنے ملا کریں گے ہر
روز اسی طرح تصرف کریں ایک پائی نہ بچائیں اور نہ کسی سے
ذکر کریں۔

مرض مسان کا کامیاب علاج

اکثر بچے مرض مسان جیسے سوکھے کی بیماری بھی کہتے ہیں۔ مبتلا ہو جاتے
ہیں۔ اور گھل گھل کر مر جاتے ہیں۔ اور بہت سے گھرانوں میں اس مرض کی
وجہ سے بچہ دکھائی نہیں دیتا۔ اگر دیتا بھی ہے تو اس مرض میں مبتلا
ہوتا ہے جو کچھ دنوں زندہ رہ کر دائمی نیند سو جاتا ہے۔ جس کی وجہ
سے یہ گھر سونا ہو جاتا ہے۔ والدین ہزاروں روپیہ برباد کر دیتے
ہیں۔ اور ہر وقت اس دکھ کی وجہ سے پریشان حال رہتے ہیں۔ ان
لوگوں کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو کام میں لا کر قدرتِ خداوندی
کا کرشمہ دیکھیں۔ اور قدرت خداوندی پر پورا پورا بھروسہ
رکھتے ہوئے اس کو کام میں لائیں۔ نقش یہ ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو سفید کاغذ پر خون کبوتر سے
لکھے اور اس کا فلیتہ بنا کر ہر شب اس نقش کی دھونی بچے کو دے
بچے کو اس طرح بٹھائے کہ اس کے تمام جسم کو اس فلیتہ کی دھونی
لگے۔ نقش اگلے صفحہ پر درج ہے۔!

المسیح	المسیح
المسیح	المسیح
المسیح	المسیح
المسیح	المسیح
المسیح	المسیح
المسیح	المسیح

اس نقش کا سب سے بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر چالیس روز تک اس نقش کی دھونی اگر حاملہ عورت کو دی جائے تو اس کے بچہ کو جو کہ پیدا ہونے والا ہوگا۔ کبھی یہ بیماری نہ ہوگی۔ اور بچہ بالکل تندرست پیدا ہوگا۔ مجھ فقیر نے اس نقش کو رفاہ عام کیلئے درج کیا ہے۔ تاکہ عوام فائدہ اٹھائیں۔ اور فقیر کو دعائے خیر میں یاد فرمائیں۔

فساد خون کا بہترین علاج

اگر کسی شخص کے خون میں خرابی پیدا ہو جائے۔ اور اس کے جسم پر پھوڑے پھنسیاں وغیرہ نکلنے لگیں۔ یا وہ مرض پیدا ہو جائیں جو محض خون کے خراب ہونے سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ تو ایسی صورت میں ہر روز صبح کے وقت نیم کے سات بڑے بڑے پتے لیکر ان پر سیاہی سے ذیل کا نقش لکھو اور لکھنے کے بعد ان نقشوں کو اچھی طرح پانی میں جوش دیں۔ اتنا پکائیں کہ پانی چہارم کی تعداد میں باقی رہ جائے۔ اس کے بعد پتوں کو پھینکدیں اور یہ جوش دیا ہوا پانی مریض کو پلائیں۔

اور بموجب طریقہ مذکورہ بالا پلائیں۔ انشاء اللہ اس نقش مبارک کے ذریعہ تمام جسم کا خون بھی صاف ہو جائے گا۔ اور آئندہ جن امراض کے ہو جانے کا خطرہ لاحق ہوگیا تھا۔ وہ بھی جاتا رہے گا دو روز تک نو سات پتے نقش لکھے ہوئے جوش دے کر پلائیں اس کے بعد ہر روز ایک پتے پر نقش لکھ کر اضافہ کرتے رہیں۔ اکیس روز تک مسلسل اضافہ کرتے رہیں۔ اکیس روز کے بعد اس عمل کو ختم کر دو۔ اس مدت میں مریض کا مرض ختم ہو جائے گا۔ اور صحت بحال ہو جائے گی اور کوئی شکایت باقی نہ رہے گی۔ یہ نقش صرف خون کی خرابی کیلئے ہی استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ گرمی کو بھی دور کیا کرتا ہے۔ چہرے کا رنگ بھی نکھارتا ہے۔ جسم کو توانا اور مضبوط بنا کر کندن کی طرح چمکا دیتا ہے تجربہ کرنے پر خود ہی پتہ چل جائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

مجھ فقیر کی ہر شخص کیلئے ہدایت ہے کہ جس کسی کو یہ معلوم ہو جائے کہ اس کے محلے پڑوس یا شہر میں کوئی مریض اس قسم کا ہے تو اُس کو یہ نقش لکھ کر دے یا بتا دے تاکہ ہر خاص و عام فائدہ حاصل کر سکے۔!

مقدمہ میں کامیابی کیلئے تعویذ

اگر کسی پر مقدمہ چل رہا ہو اور کوئی صورت کامیابی کی نظر نہ آتی ہو۔ ہر طرح سے یہی ہو کہ عدالت اس کے خلاف ہی فیصلہ سنائے گی۔ تب مندرجہ ذیل نقش کو اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھ کر تاریخ پر جائے۔ حاکم صورت دیکھتے ہی مہربان ہو جائے گا اور اس کی ہمدردی حاصل ہو جائے گی۔ خواہ حاکم کتنا ہی خلاف کیوں نہ ہو اس نقش معظم کی برکت سے وہ اس کا دوست بن جائے گا۔ وہ اسی کے حق میں فیصلہ سنائے گا۔ نقش معظم یہ ہے۔

۱۳۸۶	۱۳۸۶
۱۳۸۹	۱۳۹۰
۱۳۹۱	۱۳۸۸
۱۳۸۵	۱۳۸۷

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک کاغذ پر پاک سیاہی سے اس نقش کو لکھیں۔

چالیس روز تک سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ اور اس درمیان جھوٹ ایک لفظ بھی نہ بولیں۔ اس کے بعد ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر کام میں لائیں۔

یہ ہر ایسے کام کے لئے مجرب ہے۔ جو کسی دوسرے شخص سے وابسطہ نہیں ہو۔!

پڑھنے میں دل لگنے کیلئے نقش

بہت سے بچے ایسے بھی دیکھے گئے ہیں کہ لکھنے پڑھنے میں ان کا دل نہیں لگتا اور ان کے والدین کی یہ آرزو اور تمنا ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو خوب اچھی طرح لکھائیں پڑھائیں اور کسی اچھی جگہ ملازم کرا دیں۔

لیکن جب وہ یہ دیکھتے ہیں کہ ان کی اولاد کا پڑھنے میں دل ہی نہیں لگتا۔ تو ان کی مسرتوں کا خون ہو جاتا ہے۔ ان کی تمنائیں پانی بن کر بہہ جاتی ہیں۔

اور وہ ضرورت سے زیادہ پریشان رہنے لگتے ہیں۔ ایسی سورت میں وہ اس نقش سے کام لیں۔

طریقہ یہ ہے۔ کہ اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کرا لیں اور اس کے اوپر کے حصہ میں سوراخ کر کے ڈھاگہ ڈال کر طالب علم کی گردن میں ڈال دیں۔

انشاءاللہ بچہ کتنا ہی پڑھنے سے دل چھوڑ چکا ہو اور بدشوق ہو گیا ہو۔ اس نقش کی برکت سے بڑے شوق سے تعلیم حاصل کرے گا۔ اس نقش سے اور بھی بہت سے فائدہ ہیں۔

گمشدہ چیز کا سراغ لگانے کیلئے

اگر کسی شخص کی کوئی چیز جاتی رہے یا اس کے مکان میں چوری ہو جائے یا کوئی چیز کسی جگہ رکھ کر کھو گیا ہو اور وہ یاد نہ آتی ہو۔ تو ایسے حالات میں یہ نقش معظم سیاہی سے لکھیں اور اس کا تعویذ بنا کر کچے دھاگے میں اچھی طرح لپیٹ دو۔ رات کو جب سونے لگو تو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھو درود شریف پڑھنے کے بعد اس نقش کو سرہانے رکھو۔ اور دل میں یہ خیال کرو کہ آج خواب میں

مجھے تمام چوری کے حالات ظاہر ہو جائیں۔ اور جو چیز کھوئی ہوئی ہے اس کا ضرور سراغ مل جائے۔ درود شریف پڑھنے کے بعد چت لیٹ جاؤ۔ اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے سینے پر رکھ لو۔ پھر انشاءاللہ تعالیٰ خواب ہی میں تمام حالات کا انکشاف ہو جائے گا۔ اور جو چیز جس شخص نے جہاں رکھی ہوگی۔ یہ سب خواب میں دکھائی دے گا۔ اسی طرح بھولی ہوئی چیز بھی دکھائی دے جائے گی۔ صبح کو بیدار ہونے پر تمام اشیاء جو چوری ہوئی تھیں اور وہ شخص جس نے چرائی تھیں حاصل کر لیں۔

دوسرا فائدہ

اسی نقش کا دوسرا فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر کسی چیز کی چوری کا شک گھر کے لوگوں پر ہو تو رات کے وقت یہ تعویذ اس کے سرہانے رکھ دیں اور ایک مرتبہ درود شریف اس پر پڑھ کر دم کر دیں۔ اگر اس شخص نے کوئی چیز چرائی ہے تو سوتے میں یہ شخص تمام حالات خود بخود بتائے گا۔ آپ جاگتے رہیں تاکہ سن لیں اور چوری برآمد کر لیں۔ اگر اس شخص نے چوری نہیں کی ہے تو یہ شخص کچھ نہ بتائے گا۔ خاموش سوتا رہے گا۔ اسی طرح دوسرے روز اس نقش پر درود شریف پڑھ کر

دوسرے شخص کے سرہانے رکھ دیں۔ اگر یہ چور ہو گا تو سب کچھ بتا دے گا۔ ورنہ نہیں۔ اسی طرح جتنے اشخاص پر شک ہو ان کے ساتھ یکے بعد دیگرے یہی عمل کریں۔ ان میں سے جو بھی چور ہو گا عالم خواب میں سب کچھ بتا دے گا۔

نقشِ معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

اس تعویذ کے ذریعہ چور اور چوری کا مال بہ آسانی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک کامیاب عمل ہے۔ جس کو چند بار آزمایا ہے اور کامیاب پایا ہے۔

محمد شہاب الدین - نجومی
۱۱۵ نمبر کولن اسٹریٹ
کلکتہ ۱۶

خواب میں نہ ڈرنے کیلئے نقش

اکثر بچے رات کو سوتے سوتے ڈر جاتے ہیں۔ اکثر حالت خطرناک ہو جاتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ رات کو خواب میں بچوں کی طرح ڈراونی شکلیں دکھائی دیتی ہیں جن کی شکلوں سے بچہ ناواقف ہوتے ہوتے ہیں۔ ان کے والدین کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کا استعمال کریں

۹	۱۱	۱۷
۱۰	۶	۱۲
۵	۱۳	۸

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھ کر اور موم جامہ میں لپیٹ کر اپنے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ اس سے بچہ ہرگز ہرگز نہ ڈرے گا اور نہ روئے گا۔ اور نہ ہی راتوں کو والدین کی نیند خراب ہوگی۔

میاں بیوی میں باہمی محبت پیدا کرانے کیلئے تعویذ

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ میاں اپنی بیوی سے کسی وجہ سے ناراض ہو کر اپنی بیوی سے بول چال اور محبت کرنا ترک کر دیتا ہے۔ اور اس کو اس سے دلی نفرت ہو جاتی ہے۔ جس سے بیوی سخت پریشان اور غمگین رہنے لگتی ہے ایسی حالت میں اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو استعمال میں لائے۔

نقش یہ ہے۔!

فلاں	بن	فلاں	۷۸۶	ت
۷۸۶	ح	ح	ب	۷۸۶
م	۷۸۶	فلاں	بن	فلاں

طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس نقش کی تین نقلیں کرے اور زعفران

سے لکھے۔

پہلے نقش کو صاف وشفاف پانی میں حل کرے جب حروف پانی میں گھل جائیں تب کاغذ کو نکال لیں اور یہ پانی بیوی اپنے شوہر کو پلا دے۔ دوسرا نقش رات کو سوتے وقت اپنے خاوند کے سرہانے تکئے کے نیچے رکھ دے۔ اور تیسرا نقش اپنی چوٹی میں باندھے۔ انشاء اللہ فوراً ہی اس کی بیوی کے شوہر کے دل پر اثرات ہوں گے۔ اور اپنی بیوی سے بے انتہا محبت کرنے لگے گا۔

دوسرا فائدہ اس نقش سے یہ بھی ہے کہ باوجود ہر روز پیار و محبت میں اضافہ ہونیکے جب تک زندہ رہیں گے۔ ہرگز ہرگز لڑائی نہ ہو گی۔

اس عمل کو بیوی پوشیدہ طور پر کرتی رہے شوہر کو معلوم نہ ہونا چاہئے۔!

~~~~~~
~~~~~~

سرمۂ حُب

یہ سرمہ کا عمل اتنا سہل اور آسان ہے کہ بہت سے لوگوں کو اس پر اعتقاد نہیں ہوتا۔ کیوں کہ انسان زیادہ تر یہ سمجھتا ہے کہ میں جب تمام کوششیں کر کے تھک گیا اور اپنے محبوب کو نہ پا سکا تو اس معمولی اور سہل عمل سے میں اپنے محبوب کو کیا پا سکتا ہوں۔ لیکن یہ بات بالکل غلط ہے۔ کیوں کہ دل سے نکلی ہوئی ہر بات اثر رکھتی ہے۔ اگر عامل عمل پر پورا پورا بھروسہ اور اعتقاد رکھتے ہوئے عمل کرے گا تو یہ دعویٰ ہے وہ ناکامی کا کبھی منہ نہ دیکھے گا۔ اور جس وقت تذبذب خیال ہوا یقیناً ناکامیاب ہوگا۔ اس لیے عمل سہل ہو یا مشکل اعتقاد کا پختہ ہونا ضروری ہے۔ ورنہ میں تو یہ مشورہ دوں گا کہ جو لوگ بد اعتقاد ہوں وہ ہرگز ہرگز عمل پڑھنے کی جرأت نہ کریں۔ سرمہ کا عمل درج ذیل ہے۔

تولہ دو تولہ یا کم جتنا مناسب سمجھیں سرمہ لیں اور ہر روز رات کو ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کریں۔ متواتر چالیس روز تک یہ عمل بلاناغہ کرتے رہیں۔ اور سرمہ پر دم کر دیا کریں۔ جب عمل ختم ہو جائے تب اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگا کر اپنے محبوب کے سامنے جائے جس وقت آنکھوں سے آنکھیں ملیں گی۔ محبوب طالب کی محبت میں بیقرار ہو جائے گا۔ اور پیچھے پیچھے پھرے گا۔

~~~~~~

رقیب کو سزا دینے کیلئے بہترین نقش

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی شخص کا محبوب کسی دیگر شخص سے محبت کرتا ہے اور اس سے نفرت کرتا ہے۔ تو ایسی صورت میں اس نقش کے ذریعہ رقیب کو سزا دے سکتے ہیں۔ اور اپنے محبوب کو بہ آسانی اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔ یہ نقش اس کام کے لئے بہترین ثابت ہوگا۔

نقش معظم اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے۔!
~~~~~~

طلسم

۱۳۸۶ ۱۳۶۷

فلاں بن فلاں ،

طریقہ اس کا یہ ہے کہ چینی کی ایک طشتری کے درمیان کبوتر
کے خون سے اس نقش کو لکھے ۔ اور سات روز تک ہر شب کو اس پر
سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ پڑھ کر دم کرتا رہے ۔ جب سات راتیں
اس عمل کو پڑھتے ہوئے گزر جائیں ۔ تب کسی بہانے اس رقیب کی دعوت
کرے ۔ اگر خود نہ بلا سکتا ہو تو اپنے کسی دوست کے مکان پر اس کی
دعوت کر دے اور اس طشتری میں جس میں نقش لکھا ہوا ہے ۔ دودھ
چاول اپنے رقیب کو کھلائے ۔

جب رقیب دودھ اور چاول کھالے گا تب قدرتِ خداوندی
کا کرشمہ دیکھیں کہ رقیب خود ہی اس کے محبوب کو چھوڑ دے گا ۔ اور وہ
اس کا غلام بن جائے گا ۔

جب یہ کانٹا راہ سے الگ ہو جائے ۔ تب یہ شخص اپنے محبوب

ملے ۔

اگر اس صورت میں بھی محبوب ملنے سے گریز کرتا ہے یا بے رخی
عمل میں لاتا ہے ۔

تب طالب کو چاہیئے ۔ کہ پچھلے اوراق میں جو حب کے
نقش درج کئے جا چکے ہیں ان میں سے کسی سہل عمل کو کام میں
لائے ۔

انشاء اللہ بیقینی کامیاب ہوگا ۔ اور اس کا محبوب اس کی
محبت میں بے قرار ہو جائے گا ۔ !

نظرِ بد دور کرنے کیلئے نقش

اکثر دیکھا گیا ہے کہ بعض خوبصورت بچے دن بدن کمزور ہوتے
چلے جاتے ہیں اور انہیں قسم قسم کی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں ۔
جس سے ان کا بچنا دشوار ہو جاتا ہے ۔ اور والدین دن رات
پریشان رہتے ہیں اور ہزار قسم کے علاج کرتے ہیں اس پر بھی صحت
نہیں ہوتی ۔ اور سیکڑوں روپیہ کا ناحق خون ہو جاتا ہے ۔
بات دراصل یہ ہوتی ہے کہ بہت سے لوگ نظر بد کے معتقد نہیں
ہوتے اور وہ اس سلسلے میں کوئی احتیاط عمل میں نہیں لاتے جس کے
سبب جانی و مالی نقصان اٹھاتے ہیں ۔ ایسے لوگوں کا یہ خیال غلط
ہے کہ نظر کوئی چیز نہیں ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ نظر برقی اثرات رکھتی
ہے ۔ اتنی جلدی اثر کرتی ہے کہ قطعاً دیر نہیں لگتی ۔ لہٰذا جو بچے ادھر
ادھر گھومتے ہیں یا مائیں بچہ گاڑی میں لئے پھرتی ہیں ان بچوں کے
گلے میں یہ نقش ڈال دیں ۔

نقش یہ ہے ۔

۵	۱۳	۱۶
۱۱	۷	۱۸
۲۰	۸	۱۴
۹	۲	۱۵

طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی
سے لکھے اور لوبان کی دھونی دے کر چاندی کے تعویز میں بند کر کے بچے
کے گلے میں سیاہ ڈوری اس میں پرو کر باندھے ۔ اور ہر نوچندی
جمعرات کو اس نقش کو دھونی لوبان کی دے ۔ انشاء اللہ نظر بد کے
اثرات سے قطعی محفوظ رہے گا ۔
دوسرا فائدہ یہ ہے تمام آفات ارضی و سماوی سے بچہ قطعی
طور پر محفوظ رہے گا ۔

دلی خواہش پوری ہونے کیلئے

اگر کوئی شخص مالدار بننا چاہتا ہو۔ اور علاوہ اس خواہش کے اسی قسم کی اور بھی خواہشیں ہوں جو بظاہر پوری ہونے والی نہ ہوں۔ تو اس شخص کو قطعاً نا امید نہ ہونا چاہئے۔

قدرتِ خداوندی پر پورا بھروسہ رکھے۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے ضرور کامیابی ہوگی۔

نقش منظم یہ ہے۔!

یونس	جل جلالہٗ	یوسف
جل جلالہٗ	العظمتہٗ	جل جلالہٗ
داؤد	جل جلالہٗ	نوح

طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے غسل کرے پاک وصاف ہوکر نماز پنجگانہ شروع کرے۔ جمعہ کے مبارک روز نماز جمعہ کے بعد اس نقش کو کسی سفید کاغذ پر سیاہی سے نقل کرے اور باوضو ہوکر کسی حجرے میں جا بیٹھے اور اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر بار بار درود شریف پڑھتا رہے۔ اس عمل کو جمعہ کے روز سے شروع کرے اور کسی روز بھی ناغہ نہ کرتے ہوئے پڑھتا رہے۔

جب پانچ جمعہ گذر جائیں اس وقت اس عمل کو ختم کر دیں اور اس نقش کا تعویذ بنا کر اپنی گردن میں ڈال لیں۔

انشاء اللہ تمام ارمان و آرزوئیں پوری ہو جائیں گی۔ اور جس چیز کو بھی دل چاہے گا پردۂ غیب سے ملے گی۔ یہ بہت ہی کامیاب نقش ہے۔

یہ نقش ایک فقیر کا عطیہ ہے۔ جو کہ ایک خاندان کے سینہ بسینہ چلا آرہا ہے۔ اور کسی پر ظاہر نہ ہوتا تھا۔ لیکن ایک شخص کی ایسی گاڑھی دوستی ہوگئی مثل ایک روح دو قالب کہا جائے تو درست ہے۔ یہ شخص بہت غریب اور تنگدست تھا۔ یہاں تک کہ جسم پر صحیح کپڑا بھی نہ تھا۔ اس امیر کو ایک روز یکایک اپنے اس دوست کی حالت پر بہت رحم آیا۔ اور کہنے لگا کہ آج میں تم کو ایسا نقش بتاتا ہوں۔ جو

ہمارے خاندان کے سینہ بہ سینہ چلا آیا ہے۔ اور یہی ہماری خوشحالی کا راز ہے۔ تم اس نقش کو استعمال میں لاؤ۔ انشاءاللہ تمہاری حالت بھی ہم جیسی ہو جائے گی۔

چنانچہ اس نے مذکورہ بالا نقش اور طریقہ بنایا۔ جس کو اس کا عزیز دوست عمل میں لایا۔ اور بہت کامیاب پایا۔ ہم نے کارِ خیر سمجھتے ہوئے کتاب میں درج کیا۔

عدو کیلئے کامیاب منتر

اگر کسی شخص کی کسی شخص سے بگڑ گئی ہو۔ یعنی لڑائی جھگڑا ہو کر جانی دشمنی پیدا ہو گئی ہو۔ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو گئے ہوں۔ اور دشمن سے بدلہ لینے کا جذبہ رکھتے ہوں۔ تو ایسی صورت میں یہ منتر عمل میں لائیں۔ یقینی کامیابی ہو گی۔

منتر اور طریقہ یہ ہے کہ ایک کاغذی لیمو حاصل کریں اور ایک سیہی جانور کا کانٹا جو سیاہ رنگ کا اور نوکدار ہوتا ہے اور سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں ان دونوں چیزوں کو لے کر کسی ایسے کنویں پر

جاؤ جو شہر سے باہر ہو۔ وہاں پہنچکر اپنے دونوں پاؤں کنویں کے اندر لٹکا کر بیٹھ جاؤ۔ اور آسمان کی طرف دیکھتے رہو اور ساتھ ہی ساتھ منتر پڑھتے رہو۔

" دہائی سندومت پیر کی دہائی مہاراجہ جے پال کی۔"

جب بھی آسمان پر کوئی ستارہ ٹوٹتا ہوا نظر آئے فوراً اس کانٹے کو اس لیمو میں اپنے دشمن کا نام لے کر داخل کر دو۔

اور اس لیمو کو معہ کانٹے کے لے کر واپس آجاؤ۔ جب واپس ہونے کا ارادہ ہوا اور یہ شخص چل پڑے گا تو اس کنویں سے آوازیں آنے لگیں گی۔ اس وقت پشت پھیر کر مڑ کر نہ دیکھنا چاہیئے۔ ورنہ جان کا خطرہ ہے اس لئے ایسا ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جب گھر واپس آجائیں تو اس لیموں کو معہ کانٹے کے رکھدیں۔

جس وقت تک یہ کانٹا لیموں سے نہ نکالا جائے گا اس وقت تک دشمن سخت تکلیف میں مبتلا رہے گا۔ جب کانٹا لیموں سے باہر ہو جائے گا۔ تب دشمن کی تکلیف ختم ہو گی۔

تباہی و بربادی کیلئے نقش

اگر کوئی شخص کسی کو تباہ اور برباد کرنے کا خواستگار ہو۔ تو اس کے لئے لازم ہے کہ ایک چیل کا انڈا حاصل کرے۔ جب انڈا مل جائے تب سات روز تک کسی دریا میں سات سات غوطے دیتا رہے اور زبان سے کہتا رہے "تباہ ہو۔ برباد ہو۔"

آٹھویں روز اس انڈے پر مندرجہ ذیل نقش کالی سیاہی سے لکھے۔

نقش یہ ہے!

[illegible]	[illegible]	۱۱۱	۷۱۴
	۷۱۴	۹۹۹۹	۱۹۹۹
		۵۱۲	۷۲۱
			۳۱۳

اس نقش کو چیل کے انڈے پر کالی سیاہی سے اتنے باریک اور خفی حرفوں میں لکھے کہ اس انڈے پر

یہ نقش پورا پورا آجائے۔ اور اس کا کوئی حصہ باقی نہ رہ جائے۔ جب انڈے پر یہ نقش لکھ لیں اس اس کو زمین میں گڑھا کھود کر رکھ دیں اور اس کے اوپر کیکری کی لکڑی کے کوئلے رکھ کر آگ روشن کر دے اور خود قریب بیٹھ کر یہ کہتا رہے۔

"تباہ ہو برباد ہو۔"

کچھ ہی دیر کے بعد انڈا پھوٹ جائے گا۔ اور دشمن بھی اس کے برقی اثرات سے تباہ برباد ہو گا اور سخت تکلیف اٹھائے گا۔

وظیفہ برائے کشائش رزق

حکایت:- سانپلہ جو دہلی سے تھوڑی دور کے فاصلے پر ایک قصبہ ہے۔ جہاں ایک چرواہا رہتا تھا۔ جو بہت تنگدست اور غریب تھا گذر اوقات بڑی مشکل سے گزرتا تھا۔ دونوں وقت میں ایک وقت کا کھانا نصیب ہوتا تھا۔ اس کے چار بچے تھے ایک جوان لڑکی بھی تھی۔ جس کی شادی کے لئے یہ بیچین اور پریشان تھا اس کے ایک ادھیڑ عمر باپ اور ماں بھی تھیں۔ جن کے اخراجات کا بھی کفیل تھا۔ آمدنی نہ ہونے کے برابر ہی تھی۔ ہر وقت قرضدار رہتا تھا۔ آئے دن تقاضے رہتے تھے۔ لیکن صرف دو سال کے اندر ہی اندر اس نے اس جگہ ایک عالی شان مکان بنا لیا اور خوب ٹھاٹھ کی زندگی گزارنے لگا۔ اپنی لڑکی کی شادی بڑی دھوم دھام سے کی۔ اب اس کا کاروبار صرف یہ تھا کہ وہ اپنی زمین کاشت کے لئے کرایہ پر دے دیا کرتا تھا۔ ایک بوڑھا شخص رمضانی نام کا اس جگہ رہتا تھا۔ جو اس چرواہے کی انقلابی زندگی کا بغور معائنہ کر رہا تھا۔

ایک دن رات کے وقت وہ چرواہے کے مکان پر پہنچا۔ چرواہے نے اس کی خاطر کی اور نہایت عزت و احترام کے ساتھ اسے اپنے پاس بٹھایا۔

رمضانی نے اس سے کہا۔

سن بھائی۔ کیا تم اپنی ترقی کا راز بتا سکتے ہو۔ چرواہے نے شروع میں تو جھوٹ بولا اور یہی کہا کہ میں خوب محنت سے کام کرتا تھا۔ اسی لئے امیر بن گیا۔

جب رمضانی نے بے حد اصرار کیا۔ تب چرواہے نے مجبور ہو کر اس سے کہا۔

بھائی دراصل بات یہ ہے کہ تم کو معلوم ہے کہ میں بہت غریب تھا۔ اور ہر وقت قرضدار رہتا تھا۔ ایک دن بنئے نے مکان پر آکر بہت بے عزتی کی اور بہت کچھ برا بھلا کہا۔ طبیعت کو بہت ناگوار معلوم ہوا اور یہی خیال پیدا ہوا کہ اس ذلت اور رسوائی کی زندگی سے تو مر جانا بہتر ہے۔ چنانچہ میں خودکشی کرنے کے ارادے سے مکان سے نکل کھڑا ہوا۔ جنگل میں پہنچ کر ایک درخت کے تنے سے رسی لٹکائی

اور اس کا پھندا بنا کر اپنی گردن میں ڈال لیا کہ میں اپنی زندگی ہی ختم
کر دوں۔ اس وقت جب کہ میرا گلا دبا جا رہا تھا۔ کسی نے رسی کو کاٹ
دیا۔ اور سہارا دے کر مجھے نیچے اتار لیا۔ میں نے گھبرا کر اپنی آنکھیں
کھول دیں اور حیرت سے اس طرف دیکھا۔ ایک سفید ریش بزرگ
میرے سامنے کھڑے تھے۔

ان کے ہاتھ میں تسبیح تھی۔ انہوں نے کہا۔ کیوں بچے تو اس طرح
جان کیوں دیتا ہے۔ میں نے اپنی کل کہانی ان کو سنا دی بزرگ نے
آسمان کی جانب دیکھا اور دیکھنے کے بعد کہا۔

اچھا اب گھر جا اور ہر روز رات کے وقت سونے سے قبل
ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیا کرو۔ اور جب بیدار ہوا کرے
تو چارپائی سے اٹھنے سے قبل ایک ہزار مرتبہ پھر بسم اللہ پڑھ لیا کر۔
اس کے بعد وہ بزرگ اس جگہ سے غائب ہو گئے۔ میں نے ان کو تلاش کرنا
چاہا مگر وہ نہیں ملے میں گھر واپس آیا اور اسی روز سے بسم اللہ شریف
بموجب ہدایت کے پابندی کے ساتھ پڑھنا شروع کر دی۔ خدا کی
دین ہے کہ مجھے غیب سے رزق عطا فرماتا ہے۔ کبھی جنگل میں سونا مل
جاتا ہے اور کبھی روپے اب میری حالت بہت اچھی ہے اس وقت
اگرچہ مجھے غیب سے تو کچھ نہیں ملتا البتہ میرے کاروبار میں برکت

محبت زیادہ ہوتی ہے۔ اور میں آج تک پیر بزرگ کے حکم کے مطابق
برابر صبح اور رات کو بسم اللہ شریف پابندی کے ساتھ پڑھتا ہوں
جب تک زندہ رہوں گا پڑھتا رہوں گا۔ جب تک زندہ رہوں
گا پڑھتا رہوں گا۔

رمضانی نے اس روز سے بسم اللہ شریف شروع کر دیا۔ اور
تھوڑے ہی عرصے کے بعد وہ بھی اس غریب چرواہے کی طرح بہت
امیر بن گیا۔

بچوں کے دانت نکالنے کیلئے

بہترین تعویذ

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب کبھی بچوں کے دانت نکلنے لگتے ہیں تو انہیں بیحد تکلیف محسوس ہوتی ہے اور وہ کمزور ہوتے چلے جاتے ہیں ۔ اگر ایسے بچوں کو یہ نقش پانی میں گھول ہر روز ایک ماہ تک پلایا جائے ۔ تو دانت آسانی سے نکل آئیں گے اور کسی قسم کی تکلیف محسوس نہ ہوگی نقش یہ ہے ۔

دردسر کاٹنے کیلئے عمل

اگر کسی کے تمام سر میں یا آدھے سر میں درد ہو رہا ہو۔ اور وہ درد کی تکلیف میں بالکل بیتاب اور بیقرار ہو رہا ہو۔ باوجود دوائیاں استعمال کرنے کے بھی درد میں کمی نہ ہو۔ تب مندرجہ ذیل عمل کو کام میں لائیں :

انشاءاللہ یقینی طور پر کلی فائدہ ہوگا ۔ اور تمام تکلیف ختم ہو جائے گی ۔

یہ وہ عمل ہے جو ایک خاندان کے سینہ بہ سینہ چلا آرہا تھا ۔ اور اسی خاندان میں محفوظ تھا ۔ لیکن عوام کے فائدہ کے لئے اس جگہ نقل کر دیا ہے ۔ تاکہ عوام اس سے فائدہ حاصل کریں اور مجھ فقیر کو دعائے خیر میں یاد فرمائیں ۔

کالا کلو کلسرا انجلی بن کو جائے ۔ اٹھو محمد بیانکدو سر کا سارا درد جائے ۔

طریقہ اس کا یہ کہ شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے پیشانی کو
تھامو اور زور سے دونوں انگلیوں کو آہستہ آہستہ دباتے ہوئے
یہاں تک قریب لاؤ کہ وہ ماتھے کے درمیان میں آکر مل جائیں
اس طرح سے سات مرتبہ کرو اور عمل برابر پڑھتے رہو۔ جب ایسا کر
چکو اور عمل بھی ختم ہو جائے۔ تب تین مرتبہ پھونکیں درد کی جگہ پر
مار دو۔ انشاء اللہ اسی وقت درد جاتا رہے گا۔

اندھے کی بینائی کیلئے تعویذ

ایک شخص پیدائشی اندھا تھا وہ بہت مالدار تھا۔ اس
نے اپنی آنکھوں کا بہت علاج کرایا۔ لیکن شفا حاصل نہ کر سکا۔
ڈاکٹروں نے بھی اس کو یہ فیصلہ سنا دیا کہ اس کی آنکھیں بالکل اندھی
اور بے نور ہو چکی ہیں۔ اس لئے ان میں بینائی نہیں آسکتی۔
ابھی ڈاکٹروں کا یہ حکم سنے دو ماہ بھی نہ گزرے تھے کہ وہ
رئیس بالکل تندرست ہو گیا۔ اور اس کی دونوں آنکھیں روشن
اور منور ہو گئیں۔ جس نے بھی اس کو دیکھا بہت حیرت ہوئی۔ کیونکہ

کیسے اور کیسے یقین آسکتا تھا کہ پیدائشی اندھے کی آنکھیں
روشن اور منور ہو سکتی ہیں۔
ایک روز ایک ڈاکٹر اس نابینا کے مکان پر پہنچا اور بعد
اصرار کے بعد اس سے پوچھا کہ آخر اس نے وہ کیا دوائی ڈالی تھی کہ
اس کے ذریعہ اس کی دونوں آنکھیں روشن ہو گئیں۔ اس شخص
نے جب ڈاکٹر کو مصر دیکھا۔ تب اس نے کہا۔ گلی میں ایک فقیر
بھیک مانگنے آیا تھا میں نے جو اس کی آواز سنی تو سمجھا کہ کوئی بھوکا
فقیر کھانا مانگتا ہے۔
میں اس وقت کھانا کھا رہا تھا فوراً اس کے لئے کھانا
لے کر باہر آیا لیکن اندھا تھا اس لئے ایک پتھر سے ٹکرایا اور لڑکھڑا
کر گر پڑا۔ اور میرے سر میں بہت چوٹ آئی خون بہنے لگا میں نے
ایک آہ سرد بھر کر دونوں ہاتھوں سے اپنا سر تھام لیا۔ اور بیٹھ گیا
فقیر نے کہا۔ کیوں بابا تجھے نظر نہیں آتا۔ میں نے کہا آہ بابا
اگر نظر آتا تو سامنے پڑے پتھر کی ٹھوکر کیوں کھاتا۔ اب تو میں
یہی چاہتا ہوں کہ مر جاؤں تو اچھا ہے آنکھیں نہ ہونے کے
سبب میری تمام امیدیں خاک میں مل گئیں۔
فقیر نے اپنی جیب سے سات نقش نکال کر مجھے دیئے اور

کہا ہر روز ایک نقش پھٹکری کے پانی میں گھول کر اپنی آنکھ میں لگا لیا کرو۔ خدا نے چاہا تو تمہاری آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔ خدا کی قدرت سے پہلے ہی روز لگانے سے میری آنکھیں منور اور روشن ہو گئیں۔

میں نے باقی نقش کھول کر دیکھے تو سب اس قسم کے تھے۔ چنانچہ میں روزانہ ایک نقش پھٹکری کے پانی میں حل کر کے سات روز تک آنکھوں میں لگاتا رہا۔ خدا کا شکر ہے کہ میری بینائی جس میں قریب بالکل ہی محروم ہو گیا تھا مل گئی۔

نقش یہ ہے:

احد	احمد	احد
احمد	احد	احمد
احد	احمد	احد

بچوں کی شرارت کیلئے تعویذ

اکثر بچے والدین کے حلیم الطبع ہونے کے سبب یا لاڈ پیار کی وجہ سے شریر ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہی والدین جو صورت دیکھ کر مسرور ہو جاتے تھے اب ان سے عاجز آ جاتے ہیں۔ وہ ان کو سدھانے کی بہت کوشش کرتے ہیں۔ مگر اس میں کامیاب نہیں ہوتے مارتے مارتے تھک جاتے ہیں۔ مگر ان کی سمجھ میں کچھ بھی نہیں آتا۔ ایسے بچوں کے لئے یہ نقش تیر بہدف ہے۔ نقش یہ ہے۔

	۷	
۹	۱۱	۷
	۹	

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ہر روز تازہ سیاہی سے اس نقش کو
لکھ کر اور بچے سے چھپا کر اس کو پانی میں گھولا۔ اور جب اس نقش
کے تمام حروف پانی میں شامل ہو جائیں اس وقت وہ پانی شریر پانی
بچے کو پلا دو اسی طرح ہر روز صبح و شام دو وقت اکیس روز تک
تعدادی بیالیس نقش بچے کو پلائے اور قدرتِ خداوندی کا کرشمہ دیکھے
وہ بچہ جسے مار بھی درست نہ کر سکی وہ کس طرح اس تعویذ کے اثر
سے نیک اور سیدھا بن جاتا ہے۔

بخار اتارنے کیلئے نقشِ معظم

اگر کسی کو ہر روز بخار آتا ہو۔ اور وہ دوا کرنے کے باوجود بھی نہ
جاتا ہو۔ تو مندرجہ ذیل نقش کو کام میں لائیں۔
طریقہ اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ دو تعویذ سیاہی سے لکھ کر پہلے
تعویذ کو گھول کر پلا دو۔ دوسرے تعویذ کو پانی میں گھول کر مریض کی
پیشانی اور سینہ پر مل دو۔
انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی بخار کیوں نہ ہو گا۔ ضرور دور ہو

جائے گا۔
وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۵ ۵

م	ی	ح	ع
ی	ح	ع	ط
ح	ع	ط	ق
ع	ط	ق	ن

۵ ۵

جاڑے کے بخار کو دور کرنیکیلئے

بہترین تعویذ

اگر کسی کو جاڑے کے ساتھ بخار آتا ہو۔ اور آتے ہوئے کئی
روز گزر گئے ہوں۔ جس سے یہ معلوم ہو جائے کہ بخار کس وقت چڑھتا

چڑھتا ہے۔

جب ان تمام باتوں کا صحیح پتہ چل جائے تب اس نقش کو تعویذ بنا کر بخار چڑھنے سے قبل مریض کی پیشانی پر ایک دھاگے میں باندھ کر باندھے۔ دو تین روز تک مسلسل یہی عمل کرتے رہیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ مریض صرف تین ہی روز میں بالکل تندرست ہو جائے گا۔ اور جاڑے بخار کا نام و نشان کبھی باقی نہ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس نقش کو سفید کاغذ پر سفید خرگوش کے خون سے لکھو اور اچھی طرح لوبان کی دھونی دے کر اس کا تعویذ بنا لو جب یہ دیکھو کہ مریض کو بخار چڑھنے والا ہے۔ تو وقت سے پہلے ایک

سفید دھاگے میں باندھ کر مریض کی پیشانی پر باندھ دیں۔ قدرتِ خداوندی اور اس نقش کی برکت سے بخار ہرگز ہرگز نہ چڑھے گا۔ دو روز تک اس نقش کو برابر باندھیں۔ شفاءِ کلی حاصل ہوگی۔

تپ ولرزہ کے لئے نقش

اگر کسی شخص کو روزانہ بخار آتا ہو اور کسی دوائی سے فائدہ نہ ہوتا ہو تب اس کو چاہیے کہ قدرتِ خداوندی پر پورا پورا بھروسہ رکھتے ہوئے زعفران سے ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش کی نقل درکنت کے اور چینی کے پیالے میں ڈال کر اس کو گھولے اور جب کاغذ پر سے نقوش پانی میں گھل جائیں۔ تو یہ پانی مریض کو پلائیں۔

اس نقش کا استعمال تین روز تک کریں۔ اگر مرض پورے طور سے نہ جائے۔ تو ضرورت کے مطابق استعمال کرتے رہیں انشاءاللہ ضرور شفاء ہوگی۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔!

	جبرائیل	
اسرافیل		عزرائیل
	میکائیل	

بگڑے دل حاکم کے سامنے جانے کیلئے نقش معظم

اس نقش کو سفید کاغذ پر پاک سیاہی سے لکھے اور چالیس ر
تک اس پر سورۂ قل ھو اللہ شریف پڑھ کر برابر دم کرتا رہے۔ اور ج
تک چالیس روز نہ گزر جائیں عامل اپنی زبان سے ایک لفظ بھی جھو
نہ بولے۔

اتنی مدت گزر جانے کے بعد اگر وہ اس کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں
رکھ کر کیسے بھی سخت سے سخت حاکم کے سامنے اپنے مقصد کے لئے
جائے گا۔ انشاء اللہ یقیناً کامیابی حاصل ہوگی۔ اور بے مراد ہرگز نہ

یا حیُّ یا قیُّومُ برحمتِکَ استغیثُ۔

عجیب التاثیر عمل برائے وسعتِ رزق

از مبلغ قُلِ اللّٰھُمَّ مالِکَ المُلکِ تا بغیرِ حسابٍ ٥

اس طرح پڑھے کہ اول و آخر حرف میم صورتِ ذیل کا (م م) سفید کاغذ
پر لکھ کر کسی کوٹھری وغیرہ میں جہاں کوئی دوسرا شخص نہ جائے قبلہ رو
لٹکا دے اور شروع ماہ کی نوچندی جمعرات سے بعد نمازِ فجر عمل شروع
کرے۔

طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز فجر دو رکعت نماز حاجت پڑھے پھر اول و
آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور درمیان میں ۸۰ مرتبہ
آیۂ مذکورہ بالا اس طرح سے پڑھے کہ نظر حرفِ میم کے سر میں جو درمیان
سے خالی ہے رکھے۔ پڑھتے وقت نظر دوسری طرف نہ کرے۔
چالیس روز تک یہ عمل کرے۔ اور جو طریقہ عمل پڑھنے کا ہے
اس پر پوری پابندی کرے۔ انشاء اللہ بعد ۴۰ روز کے کثرت مال
سے مالا مال ہو جائے گا۔

عمل برائے ترقی روزگار و مراتب

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر عطر مل کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر بعد نماز مغرب دو رکعت نماز حاجت پڑھیں ۔ اس کے بعد اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔ اور درمیان میں موافق اعداد اَلْحَمْد پڑھیں ۔ جو کہ ہم آگے درج کریں گے یہ خیال رہے کہ اکیس روز تک وقت کی اور جگہ کی پابندی ضروری ہے ۔ جگہ یا وقت میں فرق نہ ہو ۔

اگر صحیح طریقے سے یہ عمل اختتام کو پہنچ گیا تو پھر انشاء اللہ ضرور مراد پوری ہو گی ۔ نہایت کامیاب عمل ہے ۔ جو لوگ ادنیٰ عہدوں پر تھے وہ اس عمل کی بدولت اعلیٰ عہدوں پر پہنچ گئے ۔ اعداد اَلْحَمْدُ شریف کے حسب ذیل ہیں ۔

حرف	عدد
ا	۱
ل	۳۰
ح	۸
م	۴۰
د	۴
ہ	۵
ر	۲۰۰
ب	۲
ع	۷۰
ی	۱۰
ن	۵۰
ک	۲۰
و	۶
س	۶۰
ت	۴۰۰
ص	۹۰
ط	۹
ق	۱۰۰
ز	۷۰۰
غ	۱۰۰۰
ش	۸۰۰

پہلے روز سورۂ الحمد ایک مرتبہ دوسرے دن تیس ۳۰ مرتبہ

چوتھے دن آٹھ مرتبہ اسی طرح مذکورہ بالا چارٹ کے مطابق اکیس یوم تک پڑھے بعد اکیس یوم کے ہر روز بطور وظیفہ پینتیس ۳۵ مرتبہ ضرور پڑھتا رہے ۔ تاکہ عمل قائم رہے ۔ ورنہ باطل ہو جائے گا ۔

~~~~~~

کامیاب اور مجرب عمل برائے حصول روزگار

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط

قرآن پاک کی آیت مذکورہ بالا کو عروج ماہ میں مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ملازمت مل جائے گی ۔ اور اگر مزدوری کرتا ہو تو غیب سے کام ملے گا ۔

~~~~~~

سخت مہم کیلئے مجرب عمل

آیت الکرسی کو کسی خاص مہم کے لئے اس طرح پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر درمیان میں ستر بار آیت الکرسی اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی روز میں مہم سر ہو جائے گی ورنہ تین روز متواتر پڑھے۔ انشاء اللہ ضرور بالضرور مہم آسان ہوگی۔ بارہا تجربہ کیا۔ مجرب پایا۔

آیت الکرسی کا کامیاب و مجرب عمل

آیۃ الکرسی بعد نماز عشاء نو سو نوے مرتبہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف بپابندیٔ وقت و مقام و کل شرائط متعلق عمل خوانی چالیس دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

فتوحات کے دروازے اس پر کشادہ ہوں گے۔ عزت و جاہ میں افزونی ہوگی۔ دوست مہربان ہوں گے۔ دشمن مقہور ہوں گے۔ کثرتِ مال و منال سے مالا مال ہوگا۔ اگر محبت جائز کے لئے پڑھیگا تو کامیابی ہوگی۔ غرضکہ جملہ امورِ دنیوی کے مجرب ہے۔

نقش برائے منافع کثیر ہونے دکان یا تجارت میں

جو شخص دکان یا تجارت میں کثیر منافع کا خواستگار ہو تو اسے چاہئے کہ ذیل کی آیاتِ مقدسہ کو بروز اتوار نیک ساعت میں ہرن کی کھال پر لپیٹ کر کپڑہ میں لپیٹ کر مکان یا دوکان میں دفن کرے۔ بہت منافع حاصل ہو۔ اور خریدار بے تعداد اس کے پاس پہنچیں۔ آیات مقدسہ درج ذیل ہیں۔

اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ
عَلٰی عُرُوْشِھَا قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ
مَوْتِھَا فَاَمَاتَہُ اللّٰہُ مِائَۃَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَہٗ
قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ قَالَ کَمْ لَبِثْتَ یَوْمًا

أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ إِلٰى
طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ إِلٰى
حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ إِلَى
الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا فَلَمَّا تَبَيَّنَ
لَهٗ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

نماز برائے محبّت

محبت بڑھانے اور تسخیر قلب کے لیے چاہیئے کہ دو رکعت نماز
پڑھے

طریقہ یہ ہے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد سات مرتبہ مندرجہ
ذیل آیت پڑھے۔

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ
عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝

بعد سلام کے سات بار یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ قَلْبَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ كَمَا لَيَّنْتَ
الْحَدِيْدَ لِدَاؤدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

مذکورہ بالا طریقہ پر نماز سات روز پڑھنا چاہیئے۔ اور اگر مقصد
میں کامیابی نہ ہو تو مسلسل اکیس روز پڑھنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔ لیکن شرط جائز محبت کی ضروری
ہے۔ !!

حصۂ طلسمات

طلسمات کا تعلق عملیات سے بالکل نہیں ہے۔ لیکن بہت سے
لوگوں کا خیال ہے طلسمات بھی عملیات کا ایک جزو ہے۔ ہم اس
سلسلے میں طویل بحث کرنا نہیں چاہتے حالانکہ بہت طویل بحث ہو
سکتی ہے۔ اتنا ضرور جانتے ہیں کہ اعتقاد بڑی چیز ہے۔ کیونکہ اعتقاد
سے ہی عملیات با اثر ثابت ہوتے ہیں۔ اگر اعتقاد نہ ہو تو بے اثر ثابت
ہوں گے۔ جیسا کہ دیکھا گیا ہے کہ بہت سے لوگ ان باتوں پر اعتقاد
رکھتے ہیں۔ مثلاً کسی کام کے لئے گھر سے باہر قدم نکالا گھر سے نکلنے
کے بعد پہلا شخص ملا اور اس نے چھینک دیا۔ اب میرا کام نہیں ہوگا

اب اگر وا اپنے اوپر جبر کر کے اس کام کے لئے چلے بھی جائیں تو وہ کام ہرگز نہیں ہوتا۔ بہت سے لوگ تو چھینک کو سن کر واپس گھر لوٹ آتے ہیں۔ ایسے بہت سے واقعات ہیں کہاں تک لکھے جائیں۔ حالانکہ یہ قطعی غلط ہے۔ صرف اعتقاد کی وجہ سے ہی لوگوں کے کام پورے ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم ان احباب کی خوشنودیٔ مزاج کے چند مخصوص اور قابلِ قیاس طلسمات درج ذیل کرتے ہیں۔ جن میں بعض طلسم میرے تجربہ میں بھی آئے ہیں۔ اور بعض دیگر اشخاص کے تجربہ کی بنا پر درج ذیل ہیں۔

طلسم نمبر (۱)

برائے محبت اور خواب بندی یہ طلسم بہت کامیاب ہے۔ خراتین خشک ایک عدد۔ خون ہدہد کا لے کر خراتین کو اس میں مخلوط کریں اور فلیتہ تیار کریں نصف شب کو چراغ میں روشن کریں اسی وقت مطلوب حاضر ہو جائے گا۔ یہ طلسم تجربہ میں آیا ہوا ہے۔

طلسم نمبر ۲

اگر کسی عورت کے دل کا راز معلوم کرنا ہو تو مینڈک کی زبان

لے کر اور کتان کے کپڑے میں لپیٹ کر جس عورت سے راز معلوم کرنا ہو اس کے سینے پر رات کو سوتے میں رکھ دے۔ جو کچھ اس نے اس دن کیا ہو گا وہ سب کچھ باآواز بلند بتا دے گی۔ راز معلوم کرنے کا بہترین طلسم ہے۔

طلسم نمبر ۳

بذریعہ طلسم اگر کسی کو اپنا گرویدہ اور عاشقِ زار بنانا چاہے تو وہ اتوار کے مرگھٹ (جہاں اہلِ ہنود کے مردے جلائے جاتے ہیں) سے تھوڑی سی خاک لائے اور لعاب دہن (تھوک) اور آب منی تینوں کو یکجا کر کے محفوظ رکھ لے۔ جس کو چاہے کہ یہ میرے اوپر عاشق ہو جائے اس کے دامن پر ذرہ برابر مل دے۔ بس وہ فریفتہ ہو جائے گا۔

طلسم نمبر ۴

یہ طلسم بھی مذکورہ بالا طلسم کی طرح کام کرتا ہے ترکیب اس کی یہ ہے کہ تھوڑی سی خاک چوراہے کی و ہدہد کا تاج اور مور کا پنا ان تینوں کو آب منی کے ساتھ ایک جا کرے اور محفوظ رکھ لے جس

عورت پر ایک قطرہ ٹپکا دے یا دامن سے مل دے۔ وہی عاشق فریفتہ ہو جاوے۔ اور پیچھے پیچھے پھرے۔

طلسم نمبر ۵

جو شخص چاہے کہ وہ ہر شخص کی نظروں میں معزز و مکرم ہو [illegible] اس کی حاجت برآئے تو وہ خرگوش کا زہرہ روغنِ زرد میں ملا کر جو[illegible] کرے۔ اور اس روغن کو تھوڑا سا اپنے چہرہ پر مل کر اس شخص [illegible] کے سامنے جائے جس سے کہ مطلب وابستہ ہو۔ فوراً مطلب پورا ہو گا۔ اور جس کسی کے سامنے جائے معزز و مکرم ہووے۔

طلسم نمبر ۶

جو شخص درمیان دو فریقین کے جن میں آپس میں بہت ہی پیا[illegible] و محبت ہو عداوت کرانا چاہے تو اُس شخص کا استعمالی کپڑا جس [illegible] کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہے لے کر اُلو کے خون میں اس [illegible] تر کر لے اور اتوار کے روز اس کپڑے کو جلا کر راکھ اس کی محفو[illegible] رکھے۔ اور بروز جمعہ اس شخص کے سر پر تھوڑی سی رکھ ڈالے جس کا استعمالی کپڑا لیا ہے پس ان دونوں شخصوں کے درمیان ایس[illegible]

[illegible]داوت ہو جائے کہ قیامت تک صلح کا امکان نہیں۔

[illegible]لسم نمبر ۷

محبت کیلئے بہترین طلسم۔ جو شخص محبت کا خواستگار ہو تو اس [illegible] چاہیے کہ ایک بھنورا سیاہ لے جس پر کوئی سفید داغ نہ ہووے اور سرمہ کے ہمراہ ایک جاہ پیس لے اور حیض کے کپڑے میں لپیٹ کر [illegible] بنا دے اور چراغ روشن کر کے کاجل پارے اور اس پر نگاہ [illegible] اور آنکھ میں کھینچے جو کوئی اس شخص کو دیکھے گا۔ وہ اس پر عاشق [illegible] جائے گا۔

[illegible]لسم نمبر ۸

برائے طلسم محبت استعمال کیا جاتا ہے۔ اور با اثر ثابت ہوتا ہے [illegible]کیب اس کی یہ ہے کہ ایک لکڑی بیدا انجیر کی لے اور اس لکڑی سے کتیا [illegible] مارے اس کے بعد اس لکڑی کو جلا دے اور اس کی راکھ کے غلے بنائے [illegible] کسی کے اس غلے کو مار دے گا۔ وہ مثل کتیا کے اس کے پیچھے پیچھے [illegible]رے گا۔ !

طلسم نمبر ۹

زبان بندی کے لئے یہ طلسم چند مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ صحیح کام کرتا ہے۔ مجرب ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ کھال اور آنکھ اُلّو کی لائے اور ان دونوں کو مشک تعویذ کے بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ کر کسی ظالم حاکم کے سامنے جائے۔ وہ ہرگز ظلم و تشدد نہ کرے گا مہربانی سے پیش آئے گا۔ اگر اس کو ہر وقت بندھا رہنے دے تو جو بھی اس کو دیکھے گا یا ملاقات کرے گا نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

طلسم نمبر ۱۰

برائے حب یہ آسان طلسم بہت مجرب ہے۔ بہت سے اشخاص کا تجربہ کیا ہوا ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک کوّا پکڑے اور اس کی زبان نکال کر خشک کر کے پیس لے اور حفاظت سے رکھے جس عورت کو اپنے عشق میں گرفتار کرنا چاہے اس کو ذرا سی کسی بھی شے میں ملا کر کھلا دے وہ فوراً اس پر عاشق ہو جائے گی۔

طلسم نمبر ۱۱

جو شخص یہ چاہے کہ اپنے گھر میں یا کسی دوسرے شخص کے مکان میں جو آدمی سو رہے ہوں وہ سوتے ہی رہیں تو وہ اس طلسم کو کام میں لائیں۔

طریقہ یہ ہے کہ۔ یہ دھیان رکھے کہ منگل کے روز جو شخص مرے اس کی قبر سے ایک مٹھی مٹی لے اور جس گھر کے آدمی سوتے ہوں اس گھر میں تھوڑی سی مٹی جو قبر سے لائی گئی ہے۔ جو اشخاص سو رہے ہیں اسی سوتے رہیں گے۔ چاہے آپ کتنا ہی شور و غل کیوں نہ کریں۔ انہیں مطلق خبر نہ ہوگی۔

طلسم نمبر ۱۲

جس شخص کو ہر روز احتلام ہوتا ہو۔ باوجود علاج کرنے کے بھی احتلام کی شکایت نہ جاتی ہو تو اس کو یہ طلسم کام میں لانا چاہیے

طریقہ یہ ہے کہ۔ اتوار کے دن درخت آکھ کی جڑ جس کا سایہ اس پر نہ پڑا ہو۔ یعنی دھوپ نکلنے سے پہلے الصباح اکھاڑے اور اس کا ازار بند بنائے۔ اگر ازار بند نہ بن سکے تو جو ازار بند استعمال کر رہا ہو اسی میں اس جڑ کو باندھے جب تک یہ ازار بند اس

کی کمر سے سندھا رہے گا۔ احتلام ہرگز ہرگز نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

طلسم نمبر ۱۳

یہ طلسم بھی احتلام کے مریضوں کے لئے زود اثر اور کامیاب ہے۔ عمل میں لاکر تجربہ کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ۔ بھنگرہ جو کسی قبر پر اُگا ہوا اس کو اتوار کے دن اکھاڑ لے اور اس کو ازار سند میں باندھ لے۔ جب تک ازار [illegible] کمر سے سندھا رہے گا۔ احتلام نہ ہوگا۔

طلسم نمبر ۱۴

یہ تسبیر اعمل بھی احتلام کے مریضوں کے لئے پیام مسرت لاتا ہے۔ مجرب ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ باگھر کی دم کے بال لے کر اور ان کو بٹ کر ازار سند بنالے اور ماہ شوال میں اس کو پاجامے میں ڈال کر استعمال کرے احتلام ہرگز نہیں ہوگا۔

طلسم نمبر ۱۵

یہ طلسم بدکارہ عورتوں کو باندھنے کے لئے تعـ[illegible] خیز اثرات رکھتا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ۔ کافور ایک دام۔ شلغم کے بیج کے دانے چھ عدد ان دونوں اشیا کو یکجا باریک پیس کر قضیب پر طلا کریں اور بعد خشک ہونے [illegible] رہنے پر بدکارہ عورت سے ہم بستر ہوں۔ عورت بدکارہ [illegible] ہو جائے گی۔

طلسم نمبر ۱۶

مرد لپتہ کے کشادہ کرنے کے لئے یہ طلسم بہت کامیاب اور مجرب ہے تجربہ میں آیا ہوا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ۔ یکتا منس اور بیج بھنگرہ دونوں کو لے کر کڑوے تیل میں ملاکر قضیب پر مالش کریں۔ فوری کامیابی حاصل ہوگی۔

طلسم نمبر ۱۷

جو شخص کوے کو پکڑنا چاہے تو وہ اس طلسم کو کام میں لائے۔

طریقہ یہ ہے کہ شورہ قلمی کسی بھی غذا کے ذریعہ کوے کو کھلا دے۔ چند سیکنڈ میں کوا بیہوش ہو جائے گا۔ آسانی سے [illegible]

طلسم نمبر ۱۸

جو شخص چاہے کہ برہنہ لوگ دیکھنے کو ملیں تو وہ

شخص اس طلسم کے ذریعہ سب کو برہنہ دیکھ سکتا ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ خراطین کو باریک پیس کر سرخ مصفّا کپڑے میں لپیٹ کر فلیتہ کرے۔ اور چراغ جلا دے۔ جو کوئی اس چراغ کی روشنی میں آئے گا وہ بالکل برہنہ نظر آئے گا۔

طلسم نمبر ۱۸

جو شخص چاہے کہ سب کے لباس سرخ مخمل کے ہوں تو مندرجہ ذیل طلسم استعمال میں لائے۔

طریقہ یہ ہے کہ بیر بہوٹی کو پیس کر روئی میں لپیٹ کر سرخ گائے کے روغن میں جلائے اور گھر میں رکھے۔ جو بھی اس کی روشنی میں آئے گا اس کا لباس سرخ مخمل کا دکھائی دے گا۔

!!!!!اختتم شد!!!!!

طلسمات و تعویذات اور نسخہ جات کی مجرب کتاب

طلسم بنگالہ

(حصہ اوّل)

پبلشر

[illegible]رک اینڈ کمپنی تھوک کتب خانہ کھاری باؤلی دہلی ۶

قیمت ـــــ ایک روپیہ

(دہلی پرنٹنگ ورکس دہلی)